اٰیاتُھا ٤٠ (٧٨) سُوْرَةُ النَّبَاِ مَكِّيَّةٌ (٨٠) رُکوعاتُھا ٢

اس میں ۴۰ آیتیں ہیں سورۃ النبأ مکہ میں نازل ہوئی اور ۲ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ ۚ﴿١﴾ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ ۙ﴿٢﴾ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ

کس چیز کے متعلق یہ سوال کر رہے ہیں؟ ایک بڑی خبر کے متعلق؟ جس میں وہ

مُخْتَلِفُوْنَ ؕ﴿٣﴾ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۙ﴿٤﴾ ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ﴿٥﴾ اَلَمْ نَجْعَلِ

اختلاف کررہے ہیں؟ ہرگزنہیں! عنقریب انہیں پتہ چل جائے گا۔ پھر ہرگزنہیں! عنقریب انہیں پتہ چل جائے گا۔ کیا

الْاَرْضَ مِهٰدًا ۙ﴿٦﴾ وَّالْجِبَالَ اَوْتَادًا ۙ﴿٧﴾ وَّ خَلَقْنٰكُمْ اَزْوَاجًا ۙ﴿٨﴾

ہم نے زمین کو فرش اور پہاڑوں کو میخیں نہیں بنایا؟ اور ہم نے تمہیں جوڑے جوڑے بنایا۔

وَّجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ۙ﴿٩﴾ وَّجَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا ۙ﴿١٠﴾ وَّجَعَلْنَا

اور ہم نے تمہاری نیند کو راحت کا ذریعہ بنایا۔ اور ہم نے رات کو پردہ بنایا۔ اور ہم نے

النَّهَارَ مَعَاشًا ۠﴿١١﴾ وَّبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا ۙ﴿١٢﴾ وَّجَعَلْنَا

دن کو روزی کمانے کا وقت بنایا۔ اور ہم نے تمہارے اوپر سات مضبوط آسمان بنائے۔ اور ہم نے

سِرَاجًا وَّهَّاجًا ۠﴿١٣﴾ وَّاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا ۙ﴿١٤﴾

چمکتا ہوا چراغ بنایا۔ اور ہم نے بادلوں سے زور سے بہنے والا پانی اتارا۔

لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا ۙ﴿١٥﴾ وَّ جَنّٰتٍ اَلْفَافًا ؕ﴿١٦﴾ اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ

تاکہ ہم اس کے ذریعہ نکالیں اناج اور سبزہ۔ اور گھنے باغات۔ بے شک فیصلہ کا دن

كَانَ مِيْقَاتًا ۙ﴿١٧﴾ يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا ۙ﴿١٨﴾

مقررہ وقت ہے۔ جس دن صور پھونکا جائے گا، پھر تم فوج در فوج آ ؤ گے۔

وَّ فُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا ۙ﴿١٩﴾ وَّسُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ

اور آسمان کھولے جائیں گے، پھر وہ دروازے ہی دروازے ہو جائیں گے۔ اور پہاڑ چلائے جائیں گے، پھر وہ

سَرَابًا ؕ﴿٢٠﴾ اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ۠﴿٢١﴾ لِّلطّٰغِيْنَ مَاٰبًا ۙ﴿٢٢﴾

سراب کی طرح ہو جائیں گے۔ یقیناً جہنم گھات میں ہے۔ سرکشوں کا ٹھکانا ہے۔

لّٰبِثِيْنَ فِيْهَآ اَحْقَابًا ۚ﴿٢٣﴾ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا ۙ﴿٢٤﴾

جس میں وہ مدتوں پڑے رہیں گے۔ جس میں وہ ٹھنڈی چیز، پینے کی چیز چکھ بھی نہیں پائیں گے۔

اِلَّا حَمِيْمًا وَّ غَسَّاقًا ۙ﴿۲۵﴾ جَزَآءً وِّفَاقًا ؕ﴿۲۶﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ

سوائے گرم پانی اور پیپ کے۔ جو برابر کی سزا کے طور پر ہوگا۔ اس لیے کہ وہ حساب کی امید نہیں

حِسَابًا ۙ﴿۲۷﴾ وَّكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا ؕ﴿۲۸﴾ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ

رکھتے تھے۔ اور ہماری آیتوں کو جھٹلاتے تھے۔ اور ہر چیز کو ہم نے لکھ کر (کتاب میں) محفوظ کر

كِتٰبًا ۙ﴿۲۹﴾ فَذُوْقُوْا فَلَنْ نَّزِيْدَكُمْ اِلَّا عَذَابًا ۠﴿۳۰﴾ اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ ع۱

رکھا ہے۔ پھر تم چکھو، پھر ہم تمہارے لیے ہرگز زیادہ نہیں کریں گے مگر عذاب ہی کو۔ یقیناً متقیوں کے لیے

مَفَازًا ۙ﴿۳۱﴾ حَدَآئِقَ وَاَعْنَابًا ۙ﴿۳۲﴾ وَّكَوَاعِبَ اَتْرَابًا ۙ﴿۳۳﴾ وَّكَاْسًا

کامیابی ہے۔ باغات اور انگور۔ اور نوجوان ہم عمر عورتیں ہیں۔ اور لبالب بھرے

دِهَاقًا ؕ﴿۳۴﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا كِذّٰبًا ۚ﴿۳۵﴾ جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ عَطَآءً

جام ہیں۔ اس میں وہ نہ کوئی بے ہودہ بات اور نہ جھوٹ سنیں گے۔ تیرے رب کی طرف سے بدلہ کے طور پر، ہدیہ کے طور

حِسَابًا ۙ﴿۳۶﴾ رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ لَا يَمْلِكُوْنَ

پر بھی، حساب کے طور پر بھی۔ جو آسمانوں اور زمین اور اُن چیزوں کا رب ہے جو اُن کے درمیان ہیں، رحمٰن تعالیٰ ہے، وہ اس

مِنْهُ خِطَابًا ۚ﴿۳۷﴾ يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا ۖۗ لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ

سے بات کرنے کی طاقت بھی نہیں رکھ سکیں گے۔ جس دن روح اور فرشتے صف باندھ کر کھڑے ہوں گے، بول نہیں سکیں گے

اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ﴿۳۸﴾ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ

مگر وہی جن کو رحمٰن تعالیٰ اجازت دے اور جو ٹھیک بات کہے۔ یہ دن حق ہے۔ پھر جو

شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ﴿۳۹﴾ اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا قَرِيْبًا ۖۚ يَّوْمَ يَنْظُرُ

چاہے اپنے رب کے پاس ٹھکانا بنالے۔ یقیناً ہم نے تمہیں قریبی عذاب سے ڈرایا۔ جس دن انسان

الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ وَيَقُوْلُ الْكٰفِرُ يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرٰبًا ۠﴿۴۰﴾ ع۲

دیکھے گا وہ اعمال جو اس کے ہاتھوں نے آگے بھیجے اور کافر کہے گا کہ اے کاش کہ میں مٹی ہوتا۔

اٰیاتُها ۴۶ (۷۹) سُوْرَةُ النّٰزِعٰتِ مَكِّيَّةٌ (۸۱) رکوعاتُها ۲

اس میں ۴۶ آیتیں ہیں سورۃ النازعات مکہ میں نازل ہوئی اور ۲ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا ۙ﴿۱﴾ وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا ۙ﴿۲﴾ وَّالسّٰبِحٰتِ

اُن فرشتوں کی قسم جو سختی سے جان نکالنے والے ہیں۔ اُن فرشتوں کی قسم جو سہولت سے جان نکالنے والے ہیں۔ اُن فرشتوں کی قسم

سَبۡحًا ۙ۝۳ فَالسّٰبِقٰتِ سَبۡقًا ۙ۝۴ فَالۡمُدَبِّرٰتِ اَمۡرًا ۝۵ یَوۡمَ وقف لازم
جو تیر کر آنے والے ہیں۔ پھر اُن فرشتوں کی قسم جو دوڑ کر آنے والے ہیں۔ پھر اُن فرشتوں کی قسم جو امور کی تدبیر کرنے والے ہیں۔

تَرۡجُفُ الرَّاجِفَۃُ ۙ۝۶ تَتۡبَعُہَا الرَّادِفَۃُ ؕ۝۷ قُلُوۡبٌ
جس دن زلزلہ والی زلزلہ لے آئے گی۔ جس کے پیچھے پیچھے آنے والی۔ دل

یَّوۡمَئِذٍ وَّاجِفَۃٌ ۙ۝۸ اَبۡصَارُہَا خَاشِعَۃٌ ۘ۝۹ یَقُوۡلُوۡنَ وقف لازم
اس دن دھڑک رہے ہوں گے۔ اُن کی نظریں جھکی ہوئی ہوں گی۔ وہ کہتے ہیں

ءَاِنَّا لَمَرۡدُوۡدُوۡنَ فِی الۡحَافِرَۃِ ؕ۝۱۰ ءَاِذَا کُنَّا عِظَامًا نَّخِرَۃً ؕ۝۱۱
کہ کیا ہم پہلی حالت میں لوٹائے جائیں گے؟ کیا جب کہ ہم کھوکھلی ہڈیاں ہو جائیں گے؟

قَالُوۡا تِلۡکَ اِذًا کَرَّۃٌ خَاسِرَۃٌ ۘ۝۱۲ فَاِنَّمَا ہِیَ زَجۡرَۃٌ وَّاحِدَۃٌ ۙ۝۱۳ وقف لازم
انہوں نے کہا کہ تب تو یہ لوٹنا خسارہ والا ہے۔ وہ قیامت تو صرف ایک ہی ڈانٹ ہوگی۔

فَاِذَا ہُمۡ بِالسَّاہِرَۃِ ؕ۝۱۴ ہَلۡ اَتٰىکَ حَدِیۡثُ مُوۡسٰی ۘ۝۱۵ وقف لازم
کہ ایک دم وہ سب میدان میں حاضر ہو جائیں گے۔ کیا تمہارے پاس موسیٰ (علیہ السلام) کا قصہ پہنچا؟

اِذۡ نَادٰىہُ رَبُّہٗ بِالۡوَادِ الۡمُقَدَّسِ طُوًی ۚ۝۱۶ اِذۡہَبۡ
جب کہ اُن کے رب نے اُن کو مقدس وادیٔ طویٰ میں آواز دی۔ کہ جاؤ فرعون کے پاس،

اِلٰی فِرۡعَوۡنَ اِنَّہٗ طَغٰی ۫ۖ۝۱۷ فَقُلۡ ہَلۡ لَّکَ اِلٰۤی اَنۡ تَزَکّٰی ۙ۝۱۸
اس لیے کہ اس نے سرکشی کی ہے۔ اور کہو کہ کیا تجھے رغبت ہے کہ تو پاک صاف بن جائے؟

وَاَہۡدِیَکَ اِلٰی رَبِّکَ فَتَخۡشٰی ۚ۝۱۹ فَاَرٰىہُ الۡاٰیَۃَ الۡکُبۡرٰی ۫ۖ۝۲۰
اور میں تجھے راستہ دکھاؤں تیرے رب کی طرف کہ تجھے ڈر پیدا ہو۔ تو موسیٰ (علیہ السلام) نے فرعون کو بڑا معجزہ دکھایا۔

فَکَذَّبَ وَعَصٰی ۫ۖ۝۲۱ ثُمَّ اَدۡبَرَ یَسۡعٰی ۫ۖ۝۲۲ فَحَشَرَ فَنَادٰی ۫ۖ۝۲۳
پھر اس نے جھٹلایا اور نافرمانی کی۔ پھر وہ پیٹھ پھیر کر بھاگا۔ پھر اس نے لوگوں کو اکٹھا کیا، پھر پکارا۔

فَقَالَ اَنَا رَبُّکُمُ الۡاَعۡلٰی ۫ۖ۝۲۴ فَاَخَذَہُ اللّٰہُ نَکَالَ الۡاٰخِرَۃِ
اور کہا کہ میں ہی تمہارا ربِ اعلیٰ ہوں۔ پھر اللہ نے اس کو آخرت اور دنیا کے عذاب میں

وَ الۡاُوۡلٰی ؕ۝۲۵ اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَعِبۡرَۃً لِّمَنۡ یَّخۡشٰی ؕ۝۲۶ ع ۲۶ ۱
پکڑ لیا۔ یقیناً اس میں البتہ عبرت ہے اس شخص کے لیے جو ڈرے۔

ءَاَنۡتُمۡ اَشَدُّ خَلۡقًا اَمِ السَّمَآءُ ؕ بَنٰىہَا ۟ۛ۝۲۷ رَفَعَ سَمۡکَہَا
کیا تمہارا پیدا کرنا مشکل ہے یا آسمان کا، جو اللہ نے بنایا؟ جس کی چھت کو اس نے بلند کیا،

فَسَوّٰىهَا ﴿٢٨﴾ وَاَغْطَشَ لَيْلَهَا وَاَخْرَجَ ضُحٰىهَا ﴿٢٩﴾ وَالْاَرْضَ بَعْدَ
پھر اس کو ٹھیک بنایا۔ اور اس کی رات کو تاریک بنایا اور اس کی دھوپ کو نکالا۔ اور اس کے بعد

ذٰلِكَ دَحٰىهَا ﴿٣٠﴾ اَخْرَجَ مِنْهَا مَآءَهَا وَمَرْعٰىهَا ﴿٣١﴾ وَالْجِبَالَ
زمین بچھائی۔ اس میں سے اس کا پانی اور اس کی چراگاہ (یعنی چارہ) کو نکالا۔ اور پہاڑوں

اَرْسٰىهَا ﴿٣٢﴾ مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ﴿٣٣﴾ فَاِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ
کو گاڑ دیا۔ تمہارے فائدہ کے لیے اور چوپاؤں کے لیے۔ پھر جب سب سے بڑی مصیبت

الْكُبْرٰى ﴿٣٤﴾ يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ مَا سَعٰى ﴿٣٥﴾ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ
آجائے گی۔ جس دن انسان اپنے کیے کو یاد کرے گا۔ اور جہنم کھول دی جائے گی

لِمَنْ يَّرٰى ﴿٣٦﴾ فَاَمَّا مَنْ طَغٰى ﴿٣٧﴾ وَاٰثَرَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿٣٨﴾
اس شخص کے لیے جو دیکھے۔ پھر جس نے سرکشی کی، اور دنیوی زندگی کو ترجیح دی،

فَاِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ الْمَاْوٰى ﴿٣٩﴾ وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى
تو جہنم ہی اس کا ٹھکانا ہے۔ اور جو ڈرا اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونے سے اور اس نے

النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ﴿٤٠﴾ فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى ﴿٤١﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ
اپنے نفس کو خواہشات سے روکا، تو یقیناً جنت ہی اس کا ٹھکانا ہے۔ وہ آپ سے

عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ﴿٤٢﴾ فِيْمَ اَنْتَ مِنْ ذِكْرٰىهَا ﴿٤٣﴾
قیامت کے متعلق سوال کرتے ہیں کہ کب اسے واقع ہونا ہے؟ اس کے بتانے میں آپ کا کیا تعلق؟

اِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهٰىهَا ﴿٤٤﴾ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرُ مَنْ يَّخْشٰىهَا ﴿٤٥﴾
آپ کے رب ہی کی طرف اس کے علم کا منتہیٰ ہے۔ آپ تو صرف ڈرانے والے ہیں اس شخص کو جو اس سے ڈرے۔

ع كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰىهَا ﴿٤٦﴾
جس دن وہ قیامت کو دیکھیں گے گویا کہ وہ (دنیا میں) صرف ایک شام یا ایک صبح ٹھہرے ہیں۔

اٰیاتُہا ٤٢ (٨٠) سُوْرَةُ عَبَسَ مَكِّيَّةٌ (٢٤) رکوعُہا ١

اس میں ٤٢ آیتیں ہیں سورۃ عبس مکہ میں نازل ہوئی اور ١ رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

عَبَسَ وَتَوَلّٰىٓ ﴿١﴾ اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰى ﴿٢﴾ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّهٗ
منہ بگاڑا اور اعراض کیا۔ اس وجہ سے کہ آپ کے پاس ایک اندھا آیا۔ آپ کو کیا معلوم شاید وہ

يَزَّكّٰىٓ ۝٣ اَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰى ۝٤ اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰى ۝٥

سنور جائے۔ یا نصیحت لے، پھر اسے نصیحت فائدہ دے۔ ہاں جو بے پرواہی برتتا ہے،

فَاَنْتَ لَهٗ تَصَدّٰى ۝٦ وَمَا عَلَيْكَ اَلَّا يَزَّكّٰى ۝٧ وَاَمَّا مَنْ جَآءَكَ

تو آپ اس کے پیچھے پڑتے ہو؟ حالانکہ آپ پر کچھ نہیں اس میں کہ وہ پاک نہیں ہوتا۔ اور ہاں جو آپ

يَسْعٰى ۝٨ وَهُوَ يَخْشٰى ۝٩ فَاَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰى ۝١٠ كَلَّآ اِنَّهَا

کے پاس آتا ہے دوڑ کر اور وہ ڈرتا بھی ہے، تو آپ اس سے تغافل برتتے ہو؟ ہرگز نہیں! یہ تو

وقف لازم

تَذْكِرَةٌ ۝١١ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ۝١٢ فِيْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ۝١٣ مَّرْفُوْعَةٍ

نصیحت ہے۔ پھر جو چاہے اس سے نصیحت پکڑے۔ یہ باعزت صحیفوں میں ہے۔ جو بلند ہیں،

مُّطَهَّرَةٍ ۝١٤ بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ ۝١٥ كِرَامٍۢ بَرَرَةٍ ۝١٦ قُتِلَ الْاِنْسَانُ

صاف ستھرے ہیں۔ ایسے لکھنے والے فرشتوں کے ہاتھوں میں ہے، جو باعزت فرمانبردار ہیں۔ انسان مارا جائے

مَآ اَكْفَرَهٗ ۝١٧ مِنْ اَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ ۝١٨ مِنْ نُّطْفَةٍ

کہ کتنا وہ ناشکرا ہے۔ کس چیز سے اللہ نے اس کو پیدا کیا؟ نطفہ سے اس کو پیدا کیا۔

خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ۝١٩ ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ ۝٢٠ ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ۝٢١

پھر معین مقدار کے ساتھ اس کو بنایا۔ پھر راستہ اس کے لیے آسان کیا۔ پھر اس کو موت دی، پھر اس کو قبر میں پہنچایا۔

ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ ۝٢٢ كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَآ اَمَرَهٗ ۝٢٣ فَلْيَنْظُرِ

پھر جب وہ اللہ چاہے گا تو اسے قبر سے اٹھائے گا۔ ہرگز نہیں! اب تک اس نے نہیں کیا وہ جس کا اللہ نے اس کو حکم دیا۔ پھر

الْاِنْسَانُ اِلٰى طَعَامِهٖٓ ۝٢٤ اَنَّا صَبَبْنَا الْمَآءَ صَبًّا ۝٢٥ ثُمَّ شَقَقْنَا

انسان کو چاہیے کہ وہ نظر اٹھائے اپنے کھانے کی طرف۔ کہ ہم نے پانی اوپر سے ڈالا۔ پھر ہم نے

الْاَرْضَ شَقًّا ۝٢٦ فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا حَبًّا ۝٢٧ وَّعِنَبًا وَّقَضْبًا ۝٢٨

زمین کو پھاڑا۔ پھر ہم نے اس میں اناج اگایا۔ اور انگور اور ترکاری۔

وَّزَيْتُوْنًا وَّنَخْلًا ۝٢٩ وَّحَدَآئِقَ غُلْبًا ۝٣٠ وَّ فَاكِهَةً وَّاَبًّا ۝٣١

اور زیتون اور کھجور۔ اور گھنے باغات۔ اور میوہ اور چارہ۔

مَّتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ۝٣٢ فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ ۝٣٣

تمہارے اپنے اور تمہارے چوپاؤں کے لیے فائدہ کے خاطر۔ پھر جب شور والی قیامت آجائے گی۔

يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ ۝٣٤ وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ ۝٣٥ وَصَاحِبَتِهٖ

اس دن ہر شخص بھاگے گا اپنے بھائی سے۔ اور اپنی ماں اور اپنے باپ سے۔ اور اپنی بیوی

وَبَنِيْهِ ۝٣٦ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُّغْنِيْهِ ۝٣٧

اور اپنے بیٹوں سے۔ ان میں سے ہر شخص کے لیے اس دن ایک فکر ہوگا جو اس کو ہر چیز سے بے پرواہ کردے گا۔

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ۝٣٨ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ۝٣٩

کچھ چہرے اس دن چمک رہے ہوں گے۔ ہنسی خوشی۔

وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ۝٤٠ تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ۝٤١

اور کچھ چہرے اس دن (ایسے ہوں گے کہ) اُن پر غبار ہوگا۔ اُن پر سیاہی (یعنی ذلت) چھائی ہوئی ہوگی۔

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ ۝٤٢ ع ٤ ٥

یہی بدکار کافر ہوں گے۔

ایاتہا ٢٩ (٨١) سُوْرَةُ التَّكْوِيْرِ مَكِّيَّةٌ (٧) رکوعہا ١

اس میں ٢٩ آیتیں ہیں سورۃ التکویر مکہ میں نازل ہوئی اور ا رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ۝١ وَاِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ ۝٢ وَاِذَا الْجِبَالُ

جب سورج لپیٹ لیا جائے۔ اور جب ستارے بے نور ہو جائیں۔ اور جب پہاڑ

سُيِّرَتْ ۝٣ وَاِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ۝٤ وَاِذَا الْوُحُوْشُ حُشِرَتْ ۝٥

چلائے جائیں۔ اور جب دس مہینے کی گابھن اونٹنیاں کھلی چھوڑ دی جائیں۔ اور جب وحشی جانور اکٹھے کیے جائیں۔

وَاِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ ۝٦ وَاِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ ۝٧

اور جب سمندر آگ بنا دیے جائیں۔ اور جب تمام انسانوں کی ایک ایک قسم کو جمع کیا جائے۔

وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ ۝٨ بِاَيِّ ذَنْۢبٍ قُتِلَتْ ۝٩ وَاِذَا الصُّحُفُ

اور جب زندہ درگور کی ہوئی بچی سے پوچھا جائے، کہ کس گناہ میں اسے قتل کیا گیا؟ اور جب نامۂ اعمال

نُشِرَتْ ۝١٠ وَاِذَا السَّمَآءُ كُشِطَتْ ۝١١ وَاِذَا الْجَحِيْمُ سُعِّرَتْ ۝١٢

کھولے جائیں۔ اور جب آسمان کی کھال کھینچ لی جائے۔ اور جب جہنم بھڑکائی جائے۔

وَاِذَا الْجَنَّةُ اُزْلِفَتْ ۝١٣ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّآ اَحْضَرَتْ ۝١٤

اور جب جنت قریب لائی جائے۔ تو ہر شخص جان لے گا جو کچھ وہ لے کر آیا ہے۔

فَلَآ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ۝١٥ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ۝١٦ وَالَّيْلِ اِذَا عَسْعَسَ ۝١٧

پھر میں قسم کھاتا ہوں ان ستاروں کی جو پیچھے ہٹنے والے، سیدھے چلنے والے، چھپنے والے ہیں۔ رات کی قسم جب وہ تاریک ہوجائے۔

وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ ﴿١٨﴾ اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِیْمٍ ﴿١٩﴾ ذِیْ

صبح کی قسم جب وہ سانس لے (آ جائے)۔ یقیناً یہ قرآن ایسے بھیجے ہوئے معزز فرشتہ کا کلام ہے، جو قوت

قُوَّةٍ عِنْدَ ذِی الْعَرْشِ مَكِیْنٍ ﴿٢٠﴾ مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِیْنٍ ﴿٢١﴾

والا، عرش والے کے پاس رہنے والا، مرتبہ والا ہے۔ فرشتوں کا مطاع، وہاں امانتدار بھی ہے۔

وَمَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُوْنٍ ﴿٢٢﴾ وَلَقَدْ رَاٰهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِیْنِ ﴿٢٣﴾

اور تمہارے ساتھی (نبی) مجنون نہیں ہیں۔ اور بے شک انہوں نے اس فرشتہ کو دیکھا ہے صاف آسمان کے کنارہ میں۔

وَمَا هُوَ عَلَى الْغَیْبِ بِضَنِیْنٍ ﴿٢٤﴾ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَیْطٰنٍ

اور وہ غیب کی چیزوں (کے بتلانے) میں بخیل نہیں ہیں۔ اور قرآن شیطان مردود کا کلام

رَّجِیْمٍ ﴿٢٥﴾ فَاَیْنَ تَذْهَبُوْنَ ﴿٢٦﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ﴿٢٧﴾

نہیں ہے۔ پھر تم کہاں جا رہے ہو؟ یہ قرآن تو تمام جہان والوں کے لیے نصیحت ہے۔

لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ اَنْ یَّسْتَقِیْمَ ﴿٢٨﴾ وَمَا تَشَآءُوْنَ

اس شخص کے لیے جو تم میں سے چاہے کہ وہ سیدھے راستہ پر رہے۔ اور اللہ رب العالمین

ع ٢٩ ٦

اِلَّآ اَنْ یَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿٢٩﴾

کی مشیت پر تمہارا ارادہ موقوف ہے۔

اٰیَاتُهَا ١٩ — (٨٢) سُوْرَةُ الْاِنْفِطَارِ مَكِّیَّةٌ (٨٢) — رُكُوْعُهَا ١

اس میں ١٩ آیتیں ہیں — سورۃ الانفطار مکہ میں نازل ہوئی — اور ا رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ ﴿١﴾ وَاِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ ﴿٢﴾ وَاِذَا الْبِحَارُ

جب آسمان پھٹ جائے۔ اور جب تارے جھڑ جائیں۔ اور جب سمندر بہا دیے

فُجِّرَتْ ﴿٣﴾ وَاِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ ﴿٤﴾ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ

جائیں۔ اور جب قبریں اکھیڑ دی جائیں۔ تو ہر شخص جان لے گا جو اس نے آگے بھیجا

وَاَخَّرَتْ ﴿٥﴾ یٰۤاَیُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِیْمِ ﴿٦﴾

اور پیچھے چھوڑا۔ اے انسان! تجھے کس چیز نے دھوکے میں ڈال رکھا ہے تیرے ربِ کریم سے؟

الَّذِیْ خَلَقَكَ فَسَوّٰىكَ فَعَدَلَكَ ﴿٧﴾ فِیْۤ اَیِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ

جس نے تجھے پیدا کیا، پھر تجھے درست بنایا، پھر تجھے برابر کیا۔ جونسی صورت میں اس نے چاہا

رَكَّبَكَ ۝٨ كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّيْنِ ۝٩ وَاِنَّ عَلَيْكُمْ

تجھے جوڑ دیا۔ ہرگز نہیں! بلکہ تم حساب کو جھٹلاتے ہو۔ اور یقیناً تم پر نگراں فرشتے

لَحٰفِظِيْنَ ۝١٠ كِرَامًا كَاتِبِيْنَ ۝١١ يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ۝١٢

متعین ہیں۔ کراماً کاتبین۔ جانتے ہیں وہ جو تم کرتے ہو۔

اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ۝١٣ وَّاِنَّ الْفُجَّارَ لَفِيْ جَحِيْمٍ ۝١٤

بے شک نیک لوگ نعمتوں میں ہوں گے۔ اور بدکار بے شک دوزخ میں ہوں گے۔

يَّصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّيْنِ ۝١٥ وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَآئِبِيْنَ ۝١٦

وہ اس میں داخل ہوں گے حساب کے دن۔ اور وہ اس سے غائب نہیں ہوں گے۔

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ۝١٧ ثُمَّ مَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ۝١٨

اورتم کیا سمجھے کہ حساب کا دن کیا چیز ہے؟ پھر تم کیا سمجھے کہ حساب کا دن کیا چیز ہے؟

يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْـًٔا ۭ وَالْاَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ۝١٩ ع ١٩

جس دن کوئی شخص کسی شخص کی نفع رسانی پر قادر نہیں ہوگا۔ اور تمام اموراس دن اللہ تعالیٰ کے پاس ہوں گے۔

اٰيَاتُهَا ٣٦ (٨٣) سُوْرَةُ الْمُطَفِّفِيْنَ مَكِّيَّةٌ (٨٦) رُكُوْعُهَا ١

اس میں ٣٦ آیتیں ہیں سورۃ المطففین مکہ میں نازل ہوئی اور ا رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ ۝١ الَّذِيْنَ اِذَا اكْتَالُوْا عَلَى النَّاسِ

ہلاکت ہے کم دینے والوں کے لیے۔ جب وہ لوگوں سے ناپ کر لیں

يَسْتَوْفُوْنَ ۝٢ وَاِذَا كَالُوْهُمْ اَوْ وَّزَنُوْهُمْ يُخْسِرُوْنَ ۝٣

تو پورا لیتے ہیں۔ اور جب اُن کو ناپ کر دیں یا اُن کو وزن کر کے دیں تو کم کر کے دیتے ہیں۔

اَلَا يَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ ۝٤ لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝٥

کیا انہیں یہ گمان نہیں کہ وہ قبروں سے زندہ کر کے اٹھائے جائیں گے؟ ایک بڑے دن میں۔

يَّوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝٦ كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ

جس دن تمام انسان رب العالمین کے سامنے کھڑے ہوں گے۔ ہرگز نہیں! یقیناً بدکاروں کا

الْفُجَّارِ لَفِيْ سِجِّيْنٍ ۝٧ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا سِجِّيْنٌ ۝٨ كِتٰبٌ

نامۂ اعمال سجین میں ہے۔ اور تم کیا سمجھے کہ سجین کیا ہے؟ ایک لکھی

مَّرْقُوْمٌ ۝۹ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝۱۰ الَّذِيْنَ يُكَذِّبُوْنَ بِيَوْمِ

ہوئی کتاب ہے۔ ہلاکت ہے اس دن اُن جھٹلانے والوں کے لیے۔ جو حساب کے دن کو جھٹلاتے

الدِّيْنِ ۝۱۱ وَمَا يُكَذِّبُ بِهٖٓ اِلَّا كُلُّ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ۝۱۲ اِذَا تُتْلٰى

ہیں۔ اور اس کو نہیں جھٹلاتا مگر ہر حد سے آگے بڑھنے والا گنہگار۔ جب اس پر ہماری آیتیں

عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝۱۳ كَلَّا بَلْ ۜ رَانَ

تلاوت کی جاویں تو کہے کہ یہ تو پہلے لوگوں کی گھڑی ہوئی کہانیاں ہیں۔ ہرگز نہیں! بلکہ اُن

عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝۱۴ كَلَّآ اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ

کے دلوں پر اُن کے کرتوت نے زنگ چڑھا دیا ہے۔ ہرگز نہیں! یقیناً یہ لوگ اپنے رب سے

يَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوْبُوْنَ ۝۱۵ ثُمَّ اِنَّهُمْ لَصَالُوا الْجَحِيْمِ ۝۱۶

اس دن حجاب میں ہوں گے۔ پھر وہ دوزخ میں ضرور داخل ہوں گے۔

ثُمَّ يُقَالُ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ۝۱۷ كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ

پھر کہا جائے گا کہ یہی وہ عذاب ہے جس کو تم جھٹلاتے تھے۔ ہرگز نہیں! بے شک نیک لوگوں کا

الْاَبْرَارِ لَفِيْ عِلِّيِّيْنَ ۝۱۸ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا عِلِّيُّوْنَ ۝۱۹ كِتٰبٌ

نامۂ اعمال علیین میں ہے۔ اور تم کیا سمجھے ہو کہ علیین کیا ہے؟ ایک لکھی ہوئی

مَّرْقُوْمٌ ۝۲۰ يَّشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُوْنَ ۝۲۱ اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ۝۲۲

کتاب ہے۔ جس کے پاس مقرب فرشتے موجود رہتے ہیں۔ یقیناً نیک لوگ نعمتوں میں ہوں گے۔

عَلَى الْاَرَآئِكِ يَنْظُرُوْنَ ۝۲۳ تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِهِمْ نَضْرَةَ

تختوں پر بیٹھ کر دیکھ رہے ہوں گے۔ اُن کے چہروں میں آپ نعمت کی تازگی معلوم کر

النَّعِيْمِ ۝۲۴ يُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِيْقٍ مَّخْتُوْمٍ ۝۲۵ خِتٰمُهٗ مِسْكٌ ۭ

لوگے۔ انہیں پلائی جائے گی خالص شراب، جس پر مہر لگی ہوئی ہوگی۔ جس کی مہر مشک کی ہوگی۔

وَفِيْ ذٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ ۝۲۶ وَمِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِيْمٍ ۝۲۷

اور اسی میں تنافس کرنے والوں کو تنافس کرنا چاہیئے۔ اور اس شراب کی آمیزش تسنیم سے ہوگی۔

عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُوْنَ ۝۲۸ اِنَّ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا كَانُوْا

ایک چشمہ سے جس چشمہ سے مقربین پئیں گے۔ بے شک مجرم لوگ ایمان

مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَضْحَكُوْنَ ۝۲۹ وَاِذَا مَرُّوْا بِهِمْ يَتَغَامَزُوْنَ ۝۳۰

والوں پر ہنسا کرتے تھے۔ اور جب اُن پر وہ گذرتے تو آپس میں آنکھیں مارتے تھے۔

وَاِذَا انْقَلَبُوْۤا اِلٰۤى اَهْلِهِمُ انْقَلَبُوْا فَكِهِيْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِذَا رَاَوْهُمْ قَالُوْۤا

اور جب وہ اپنے گھر والوں کے پاس پلٹتے تھے، تو پلٹ کر بھی مزے لے کر اُن کی باتیں کرتے تھے۔ اور جب وہ اُن کو دیکھتے

اِنَّ هٰۤؤُلَآءِ لَضَآلُّوْنَ ﴿۳۲﴾ وَمَاۤ اُرْسِلُوْا عَلَيْهِمْ حٰفِظِيْنَ ﴿۳۳﴾ فَالْيَوْمَ

تھے تو کہتے تھے کہ یہ لوگ گمراہ لوگ ہیں۔ حالانکہ وہ اُن پر محافظ بنا کر نہیں بھیجے گئے۔ پھر آج

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُوْنَ ﴿۳۴﴾ عَلَى الْاَرَآئِكِ ۙ

ایمان والے کافروں سے ہنستے ہیں۔ تختوں پر بیٹھے

يَنْظُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۳۶﴾ ع ۳۶/۸

دیکھ رہے ہیں۔ کہ کیا اب کفار کو اُن کے کیے کا بدلہ مل گیا؟

آیاتها ۲۵ (۸۴) سُوْرَةُ الْاِنْشِقَاقِ مَكِّيَّةٌ (۸۳) رکوعها ۱

اس میں ۲۵ آیتیں ہیں سورۃ الانشقاق مکہ میں نازل ہوئی اور ۱ رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ﴿۱﴾ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿۲﴾

جب آسمان پھٹ جائے۔ اور آسمان کان لگائے ہوئے ہے اپنے رب کے حکم کے لیے اور وہ اسی کے لائق ہے۔

وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ﴿۳﴾ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ﴿۴﴾ وَاَذِنَتْ

اور جب زمین پھیلا دی جائے۔ اور وہ ڈال دے اُن چیزوں کو جو اس میں ہیں اور خالی ہو جائے۔ اور زمین بھی کان لگائے

لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿۵﴾ يٰۤاَيُّهَا الْاِنْسَانُ اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ

ہوئے ہے اپنے رب کے حکم کے لیے اور وہ اسی کے لائق ہے۔ اے انسان! یقیناً تیرے رب کی طرف پہنچنے کے لیے

كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ﴿۶﴾ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ﴿۷﴾

تجھے خوب محنت کرنی ہے، پھر تو اس سے ملنے والا ہے۔ تو جس کو اس کا نامۂ اعمال داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا،

فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا ﴿۸﴾ وَّيَنْقَلِبُ اِلٰۤى اَهْلِهٖ

تو آگے اس سے آسان حساب لیا جائے گا۔ اور وہ اپنے گھر والوں کی طرف خوش خوش

مَسْرُوْرًا ﴿۹﴾ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ ظَهْرِهٖ ﴿۱۰﴾ فَسَوْفَ

واپس آئے گا۔ اور جس کا نامۂ اعمال اس کی پیٹھ پیچھے سے دیا جائے گا، تو وہ

يَدْعُوْا ثُبُوْرًا ﴿۱۱﴾ وَّيَصْلٰى سَعِيْرًا ﴿۱۲﴾ اِنَّهٗ كَانَ فِيْۤ اَهْلِهٖ

موت کو پکارے گا۔ اور آگ میں داخل ہوگا۔ اس لیے کہ وہ اپنے گھر والوں میں

معانقة ١٠ عند المتاخرين ١٢

مَسْرُوْرًا ﴿١٣﴾ اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ ﴿١٤﴾ بَلٰى ۚ اِنَّ رَبَّهٗ كَانَ

خوش رہتا تھا۔ اس کا گمان تھا کہ وہ ہرگز لوٹ کر آئے گا نہیں۔ کیوں نہیں! یقیناً اس کا رب اس

بِهٖ بَصِيْرًا ﴿١٥﴾ فَلَآ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ﴿١٦﴾ وَالَّيْلِ

کو دیکھ رہا تھا۔ پھر میں شفق کی قسم کھاتا ہوں۔ اور رات کی قسم کھاتا ہوں اور اُن چیزوں کی

وَمَا وَسَقَ ﴿١٧﴾ وَالْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ ﴿١٨﴾ لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ﴿١٩﴾

جس کو رات نے جمع کرلیا ہے۔ اور چاند کی قسم جب وہ پورا روشن ہوجائے۔ تم ضرور ایک حال سے دوسرے حال پر چڑھو گے۔

فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٢٠﴾ وَاِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ

پھر انہیں کیا ہوا کہ وہ ایمان نہیں لاتے؟ اور جب اُن پر قرآن پڑھا جاتا ہے

السجدة ١٣

لَا يَسْجُدُوْنَ ﴿٢١﴾ ۩ السجدة بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُكَذِّبُوْنَ ﴿٢٢﴾ وَاللّٰهُ

تو سجدہ نہیں کرتے۔ بلکہ کافر لوگ جھٹلاتے ہیں۔ اور اللہ

اَعْلَمُ بِمَا يُوْعُوْنَ ﴿٢٣﴾ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿٢٤﴾

خوب جانتا ہے اس کو جو وہ دل میں بھرے رکھتے ہیں۔ تو آپ اُن کو دردناک عذاب کی بشارت سنا دیجیے۔

ع ٢٥ ٩

اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ﴿٢٥﴾

مگر وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اُن کے لیے ایسا اجر ہوگا جو ختم نہیں ہوگا۔

## اٰياتها ٢٢ (٨٥) سُوْرَةُ الْبُرُوْجِ مَكِّيَّةٌ (٢٧) رکوعها ١

اس میں ٢٢ آیتیں ہیں سورۃ البروج مکہ میں نازل ہوئی اور ١ رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ﴿١﴾ وَالْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ ﴿٢﴾ وَشَاهِدٍ

برجوں والے آسمان کی قسم! وعدہ والے دن کی قسم! حاضر ہونے والے

وَّمَشْهُوْدٍ ﴿٣﴾ قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ﴿٤﴾ النَّارِ ذَاتِ

کی قسم اور حاضری کے دن کی قسم! خندقوں والے مارے جائیں۔ ایندھن والی

الْوَقُوْدِ ﴿٥﴾ اِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُوْدٌ ﴿٦﴾ وَّهُمْ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ

آگ والے۔ جب وہ اس کے اوپر بیٹھے ہوئے تھے۔ اور وہ دیکھ رہے تھے جو کچھ وہ ایمان والوں

بِالْمُؤْمِنِيْنَ شُهُوْدٌ ﴿٧﴾ وَمَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّآ اَنْ يُّؤْمِنُوْا

کے ساتھ کر رہے تھے۔ اور وہ ایمان والوں سے صرف اسی بات کا انتقام لے رہے تھے کہ وہ ایمان

بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۝۸ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ
لائے ہیں قابلِ تعریف زبردست اللہ پر۔ اس اللہ پر جس کے لیے آسمانوں اور زمین کی سلطنت ہے۔

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝۹ اِنَّ الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ
اور اللہ ہر چیز پر نگراں ہے۔ بے شک جن لوگوں نے ایمان والے مردوں

وَالْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ
اورعورتوں کوایذاء دی، پھرانہوں نے توبہ نہیں کی تو اُن کے لیے جہنم کا عذاب ہےاوراُن کے لیے جلنے کا

الْحَرِيْقِ ۝۱۰ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتٌ
عذاب ہے۔ یقیناً وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اُن کے لیے جنتیں ہیں

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ڛ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيْرُ ۝۱۱
جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی۔ یہ بڑی کامیابی ہے۔

اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ ۝۱۲ اِنَّهٗ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ ۝۱۳ وَهُوَ
یقیناً تیرے رب کی پکڑ بڑی سخت ہے۔ وہی پہلی مرتبہ پیدا کرتا ہےاوروہی دوبارہ پیدا کرے گا۔ اوروہ

الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ۝۱۴ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ ۝۱۵ فَعَّالٌ
بہت زیادہ بخشنے والا، بہت زیادہ محبت والا، عرش کا مالک بزرگ ہے۔ کرتا ہے وہی

لِّمَا يُرِيْدُ ۝۱۶ هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ ۝۱۷ فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدَ ۝۱۸
جس کا وہ ارادہ کرتا ہے۔ کیا آپ کے پاس لشکروں کا قصہ پہنچا؟ فرعون اور ثمود کا۔

بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ تَكْذِيْبٍ ۝۱۹ وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَاۗىِٕهِمْ
بلکہ کافر لوگ جھٹلانے میں لگے ہیں۔ اور اللہ اُن کو ہر طرف سے گھیرے

مُّحِيْطٌ ۝۲۰ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ۝۲۱ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۝۲۲ ع
ہوئے ہے۔ بلکہ یہ بزرگی والا قرآن، لوحِ محفوظ میں ہے۔

اٰيَاتُهَا ۱۷ (۸۶) سُوْرَةُ الطَّارِقِ مَكِّيَّةٌ (۳۶) رُكُوْعُهَا ۱

اس میں ۱۷ آیتیں ہیں سورۃ الطارق مکہ میں نازل ہوئی اور ا رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

وَالسَّمَاۗءِ وَالطَّارِقِ ۝۱ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ۝۲ النَّجْمُ
آسمان کی قسم اور رات میں آنے والے کی قسم! اور تم کیا سمجھے رات میں آنے والا کیا ہے؟ چمکتا ہوا

الثَّاقِبُ ۝٣ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۝٤ فَلْيَنْظُرِ

تارہ ہے۔ کوئی شخص بھی نہیں ہے جس پر نگران (فرشتہ) مقرر نہ ہو۔ تو انسان کو چاہئے کہ دیکھے

الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ۝٥ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ۝٦ يَّخْرُجُ

کہ کس چیز سے وہ پیدا کیا گیا ہے۔ وہ پیدا کیا گیا اچھلنے والے پانی سے۔ جو نکلتا ہے

مِنْۢ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ۝٧ اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ۝٨

ریڑھ کی اور سینہ کی ہڈیوں کے درمیان سے۔ یقیناً وہ اس کے دوبارہ لانے پر ضرور قادر ہے۔

يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ۝٩ فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ ۝١٠ وَالسَّمَآءِ

جس دن بھیدوں کا امتحان لیا جائے گا۔ پھر نہ انسان میں خود کوئی قوت ہوگی اور نہ (اس کا) کوئی مددگار۔ بارش

ذَاتِ الرَّجْعِ ۝١١ وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ۝١٢ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ

والے آسمان کی قسم! پھٹنے والی زمین کی قسم! بے شک یہ قرآن قولِ

فَصْلٌ ۝١٣ وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ۝١٤ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝١٥

فیصل ہے۔ اور یہ کوئی مذاق نہیں ہے۔ کافر بھی مکر کر رہے ہیں۔

ع وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝١٦ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝١٧

اور میں بھی تدبیر کر رہا ہوں۔ پھر کافروں کو مہلت دے دیجیے، اُن کو تھوڑی سی مہلت دے دیجیے۔

اٰيَاتُهَا ١٩ — (٨٧) سُوْرَةُ الْاَعْلٰى مَكِّيَّةٌ (٨) — رُكُوْعُهَا ١

اس میں ١٩ آیتیں ہیں — سورۃ الاعلیٰ مکہ میں نازل ہوئی — اور ا رکوع ہے

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ۝١ الَّذِيْ خَلَقَ فَسَوّٰى ۝٢ وَالَّذِيْ

اپنے بلند ترین رب کے نام کی تسبیح کیجیے۔ جس نے مخلوق پیدا کی، پھر اس نے درست بنایا۔ اور جس نے

قَدَّرَ فَهَدٰى ۝٣ وَالَّذِيْٓ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ۝٤ فَجَعَلَهٗ غُثَآءً

مقدار سے بنایا، پھر راستہ دکھایا۔ اور جس نے چارہ اگایا۔ پھر اس کو کالا کوڑا کرکٹ

اَحْوٰى ۝٥ سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ۝٦ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّهٗ

بنا دیا۔ عنقریب ہم آپ کو پڑھائیں گے، پھر آپ بھولیں گے نہیں، مگر جو اللہ چاہے۔ یقیناً وہ جانتا

يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ۝٧ وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ۝٨ فَذَكِّرْ

ہے زور سے کہی ہوئی اور آہستہ کہی ہوئی بات کو۔ اور ہم آپ کے لیے آسانی والی (ملت) آسان کر دیں گے۔ اس

اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ۙ٩ سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ۙ١٠
لیے آپ نصیحت کیجیے اگر نصیحت فائدہ دے۔ عنقریب نصیحت حاصل کرے گا وہ شخص جو ڈرے گا۔

وَ يَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ۙ١١ الَّذِيْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ۚ١٢
اور اس سے دور رہے گا وہ بدبخت، جو بڑی آگ میں داخل ہوگا۔

ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۭ١٣ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ۙ١٤
پھر وہ اس میں نہ مرے گا، نہ جیئے گا۔ یقیناً کامیاب ہے وہ شخص جس نے تزکیہ کیا۔

وَ ذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ۭ١٥ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۡ١٦
اور اپنے رب کا نام لیا، پھر نماز پڑھی۔ بلکہ تم دنیوی زندگی کو ترجیح دیتے ہو۔

وَ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۭ١٧ اِنَّ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ
حالانکہ آخرت بہتر ہے اور زیادہ باقی رہنے والی ہے۔ بیشک البتہ یہی پہلے صحیفوں

الْاُوْلٰى ۙ١٨ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ۧ١٩ ع ١٩ / ١٢
میں ہے۔ ابراہیم (علیہ السلام) اور موسیٰ (علیہ السلام) کے صحیفوں میں ہے۔

ایاتھا ٢٦ (٨٨) سُوْرَةُ الْغَاشِيَةِ مَكِّيَّةٌ (٦٨) رکوعھا ١

اس میں ٢٦ آیتیں ہیں سورۃ الغاشیۃ مکہ میں نازل ہوئی اور ا رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ ۭ١ وُجُوْهٌ يَّوْمَىِٕذٍ خَاشِعَةٌ ۙ٢
کیا آپ کے پاس ڈھانپنے والی (قیامت) کا قصہ پہنچا؟ اس دن کچھ چہرے ذلیل ہوں گے۔

عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ ۙ٣ تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً ۙ٤ تُسْقٰى
کام کرنے والے، (برے کام کی وجہ سے) تھکے ہوئے ہوں گے۔ وہ گرم آگ میں داخل ہوں گے۔ کھولتے

مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ ۭ٥ لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ اِلَّا مِنْ ضَرِيْعٍ ۙ٦ لَّا يُسْمِنُ
ہوئے چشمہ سے (پانی) انہیں پینے کو دیا جائے گا۔ اُن کے لیے کوئی کھانا نہیں ہوگا مگر جھاڑ کانٹوں والا۔ جو نہ موٹا کرے

وَلَا يُغْنِيْ مِنْ جُوْعٍ ۭ٧ وُجُوْهٌ يَّوْمَىِٕذٍ نَّاعِمَةٌ ۙ٨
اور نہ بھوک کے کچھ کام آئے۔ کچھ چہرے اس دن تر و تازہ ہوں گے۔

لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ۙ٩ فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ۙ١٠ لَّا تَسْمَعُ فِيْهَا
اپنے عمل سے خوش ہوں گے۔ اونچی جنت میں ہوں گے۔ جس میں وہ لوگ لغو بات

وقف لازم

لَاغِيَةً ۝١١ فِيۡهَا عَيۡنٌ جَارِيَةٌ ۝١٢ فِيۡهَا سُرُرٌ مَّرۡفُوۡعَةٌ ۝١٣

نہ سنیں گے۔ جس میں بہتے ہوئے چشمے ہوں گے۔ اس میں اونچے اونچے تخت ہوں گے۔

وَّاَكۡوَابٌ مَّوۡضُوۡعَةٌ ۝١٤ وَّنَمَارِقُ مَصۡفُوۡفَةٌ ۝١٥ وَّزَرَابِيُّ

اور ترتیب سے رکھے ہوئے پیالے ہوں گے۔ اور صف بصف رکھے ہوئے تکیے ہوں گے۔ اور پھیلائے ہوئے

مَبۡثُوۡثَةٌ ۝١٦ اَفَلَا يَنۡظُرُوۡنَ اِلَى الۡاِبِلِ كَيۡفَ خُلِقَتۡ ۝١٧ وقفة

فرش ہوں گے۔ کیا پھر وہ دیکھتے نہیں ہیں اونٹوں کی طرف کہ کیسے وہ پیدا کیے گئے؟

وَاِلَى السَّمَآءِ كَيۡفَ رُفِعَتۡ ۝١٨ وقفة وَاِلَى الۡجِبَالِ كَيۡفَ

اور آسمان کی طرف کہ کیسے اسے اونچا کیا گیا؟ اور پہاڑوں کی طرف کہ کیسے

نُصِبَتۡ ۝١٩ وقفة وَاِلَى الۡاَرۡضِ كَيۡفَ سُطِحَتۡ ۝٢٠ وقفة فَذَكِّرۡ قف اِنَّمَاۤ

انہیں گاڑا گیا؟ اور زمین کی طرف کہ کیسے اسے بچھایا گیا؟ پھر آپ نصیحت کیجیے۔ آپ تو صرف

اَنۡتَ مُذَكِّرٌ ۝٢١ لَسۡتَ عَلَيۡهِمۡ بِمُصَيۡطِرٍ ۝٢٢ اِلَّا مَنۡ

نصیحت کرنے والے ہیں۔ آپ اُن پر مسلط نہیں کیے گئے ہیں۔ مگر وہ جس نے

تَوَلّٰى وَكَفَرَ ۝٢٣ فَيُعَذِّبُهُ اللّٰهُ الۡعَذَابَ الۡاَكۡبَرَ ۝٢٤

منہ پھیرا اور کفر کیا۔ تو اللہ اسے بڑا عذاب دے گا۔

ع ٤ / ١٤ الغاشية

اِنَّ اِلَيۡنَاۤ اِيَابَهُمۡ ۝٢٥ ثُمَّ اِنَّ عَلَيۡنَا حِسَابَهُمۡ ۝٢٦

یقیناً ہماری طرف انہیں لوٹنا ہے۔ پھر ہمارے ذمہ اُن کا حساب لینا ہے۔

اٰيَاتُهَا ٣٠ ۔۔۔ (٨٩) سُوۡرَةُ الۡفَجۡرِ مَكِّيَّةٌ (١٠) ۔۔۔ رُكُوۡعُهَا ١

اس میں ۳۰ آیتیں ہیں ۔۔۔ سورۃ الفجر مکہ میں نازل ہوئی ۔۔۔ اور ا رکوع ہے

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝

پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

وَالۡفَجۡرِ ۝١ وَلَيَالٍ عَشۡرٍ ۝٢ وَّالشَّفۡعِ وَالۡوَتۡرِ ۝٣ وَالَّيۡلِ

فجر کی قسم! دس راتوں کی قسم! جفت اور طاق کی قسم! رات کی

اِذَا يَسۡرِ ۝٤ هَلۡ فِيۡ ذٰلِكَ قَسَمٌ لِّذِيۡ حِجۡرٍ ۝٥ اَلَمۡ تَرَ كَيۡفَ

قسم جب وہ چل رہی ہو! کیا اس میں عقلمند کے لیے قسم ہے؟ کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ

فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ ۝٦ اِرَمَ ذَاتِ الۡعِمَادِ ۝٧ الَّتِيۡ لَمۡ يُخۡلَقۡ

آپ کے رب نے قوم عاد کے ساتھ کیا کیا؟ ستونوں والے اِرم کے ساتھ کیا کیا؟ کہ اس جیسی قوم

مِثۡلُهَا فِي الۡبِلَادِ ۝۸ وَثَمُوۡدَ الَّذِيۡنَ جَابُوا الصَّخۡرَ بِالۡوَادِ ۝۹

نہیں پیدا کی گئی شہروں میں۔ اور ثمود کے ساتھ کیا کیا، جس نے وادیٔ (قریٰ) میں چٹانوں کو تراشا۔

وَفِرۡعَوۡنَ ذِي الۡاَوۡتَادِ ۝۱۰ الَّذِيۡنَ طَغَوۡا فِي الۡبِلَادِ ۝۱۱

اور میخوں والے فرعون کے ساتھ کیا کیا؟ جنہوں نے شہروں میں سر اٹھایا تھا۔

فَاَكۡثَرُوۡا فِيۡهَا الۡفَسَادَ ۝۱۲ فَصَبَّ عَلَيۡهِمۡ رَبُّكَ سَوۡطَ

پھر وہاں بکثرت فساد پھیلایا۔ تو اُن پر تیرے رب نے عذاب کا کوڑا

عَذَابٍ ۝۱۳ اِنَّ رَبَّكَ لَبِالۡمِرۡصَادِ ۝۱۴ فَاَمَّا الۡاِنۡسَانُ

پھٹکارا۔ یقیناً تیرا رب البتہ تاک میں ہے۔ پھر انسان کہ

اِذَا مَا ابۡتَلٰىهُ رَبُّهٗ فَاَكۡرَمَهٗ وَنَعَّمَهٗ ۙ فَيَقُوۡلُ رَبِّيۡۤ اَكۡرَمَنِ ۝۱۵

جب اس کا رب اس کا امتحان لیتا ہے، پھر اسے عزت دیتا ہے اور نعمتیں دیتا ہے، تو وہ کہتا ہے کہ مجھے میرے رب نے عزت دی۔

وَاَمَّاۤ اِذَا مَا ابۡتَلٰىهُ فَقَدَرَ عَلَيۡهِ رِزۡقَهٗ ۙ فَيَقُوۡلُ رَبِّيۡۤ

اور جب اسے آزماتا ہے، پھر اس پر اس کی روزی تنگ کرتا ہے، تو وہ کہتا ہے کہ میرے رب نے میری

اَهَانَنِ ۝۱۶ كَلَّا بَلۡ لَّا تُكۡرِمُوۡنَ الۡيَتِيۡمَ ۝۱۷ وَلَا تَحٰٓضُّوۡنَ

اہانت کی۔ ہرگز نہیں! بلکہ تم ہی یتیم کی عزت نہیں کرتے۔ اور مسکین کو

عَلٰى طَعَامِ الۡمِسۡكِيۡنِ ۝۱۸ وَتَاۡكُلُوۡنَ التُّرَاثَ اَكۡلًا لَّمًّا ۝۱۹

کھانا دینے کی ترغیب نہیں دیتے۔ اور تم میراث سارا سمیٹ کر ہڑپ کر جاتے ہو۔

وَّتُحِبُّوۡنَ الۡمَالَ حُبًّا جَمًّا ۝۲۰ كَلَّاۤ اِذَا دُكَّتِ الۡاَرۡضُ دَكًّا

اور تم مال سے محبت کرتے ہو بہت ہی زیادہ محبت۔ ہرگز نہیں! جب زمین کوٹ کوٹ کر

دَكًّا ۝۲۱ وَّجَآءَ رَبُّكَ وَالۡمَلَكُ صَفًّا صَفًّا ۝۲۲ وَجِاىۡٓءَ يَوۡمَئِذٍۢ

نیست کر دی جائے گی۔ اور تیرا رب اور فرشتے صف بصف آئیں گے۔ اور اس دن

بِجَهَنَّمَ ۙ يَوۡمَئِذٍ يَّتَذَكَّرُ الۡاِنۡسَانُ وَاَنّٰى لَهُ الذِّكۡرٰى ۝۲۳

جہنم لائی جائے گی۔ اس دن انسان نصیحت لے گا، لیکن اب نصیحت لینے کا وقت کہاں؟

يَقُوۡلُ يٰلَيۡتَنِيۡ قَدَّمۡتُ لِحَيَاتِيۡ ۝۲۴ فَيَوۡمَئِذٍ لَّا يُعَذِّبُ

وہ کہے گا کہ اے کاش کہ میں نے اپنی اس زندگی کے لیے (نیک عمل) آگے بھیجے ہوتے۔ پھر اس دن اس کے

عَذَابَهٗۤ اَحَدٌ ۝۲۵ وَّلَا يُوۡثِقُ وَثَاقَهٗۤ اَحَدٌ ۝۲۶ يٰۤاَيَّتُهَا

عذاب جیسا کوئی عذاب نہ دے گا۔ اور نہ اس کی جکڑ کی طرح کسی کی جکڑ ہوگی۔ اے

النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ﴿۲۷﴾ ارْجِعِيْٓ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ﴿۲۸﴾

اطمینان والی روح! تو اپنے رب کی طرف واپس چل، تو اس سے راضی اور وہ تجھ سے راضی۔

فَادْخُلِيْ فِيْ عِبٰدِيْ ﴿۲۹﴾ وَادْخُلِيْ جَنَّتِيْ ﴿۳۰﴾

تو میرے بندوں میں شامل ہو جا۔ اور میری جنت میں داخل ہو جا۔

ع٤٤

اٰیاتُہا ٢٠ (۹۰) سُوْرَۃُ الْبَلَدِ مَکِّیَّۃٌ (۳۵) رُکُوعُہا ١

اس میں ۲۰ آیتیں ہیں سورۃ البلد مکہ میں نازل ہوئی اور ا رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿﴾

پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ ﴿۱﴾ وَاَنْتَ حِلٌّۢ بِهٰذَا الْبَلَدِ ﴿۲﴾

میں اس شہر (مکہ) کی قسم کھاتا ہوں! اور آپ اس شہر میں حلال (نہ کہ محرم) اترنے والے ہو۔

وَ وَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ ﴿۳﴾ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْ كَبَدٍ ﴿۴﴾

باپ کی قسم اور اولاد کی قسم! یقیناً ہم نے انسان کو مشقت میں پیدا کیا ہے۔

اَيَحْسَبُ اَنْ لَّنْ يَّقْدِرَ عَلَيْهِ اَحَدٌ ﴿۵﴾ يَقُوْلُ اَهْلَكْتُ مَالًا

وقف لازم

کیا وہ یہ سمجھتا ہے کہ اس پر کسی کو قدرت نہیں ہے؟ وہ کہتا ہے کہ میں نے ڈھیروں مال

لُّبَدًا ﴿۶﴾ اَيَحْسَبُ اَنْ لَّمْ يَرَهٗٓ اَحَدٌ ﴿۷﴾ اَلَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ

لٹایا۔ کیا وہ سمجھتا ہے کہ اس کو کسی نے دیکھا نہیں۔ کیا ہم نے اس کی دو آنکھیں

عَيْنَيْنِ ﴿۸﴾ وَلِسَانًا وَّشَفَتَيْنِ ﴿۹﴾ وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ ﴿۱۰﴾

نہیں بنائیں؟ اور زبان اور دو ہونٹ نہیں بنائے؟ اور ہم نے اسے دونوں راستے دکھا دیے۔

فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ ﴿۱۱﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْعَقَبَةُ ﴿۱۲﴾

پھر وہ گھاٹی پر سے نہیں گذرا؟ اور تم کیا سمجھے کہ گھاٹی کیا ہے؟

فَكُّ رَقَبَةٍ ﴿۱۳﴾ اَوْ اِطْعٰمٌ فِيْ يَوْمٍ ذِيْ مَسْغَبَةٍ ﴿۱۴﴾ يَّتِيْمًا

گردن کو آزاد کرنا ہے۔ یا بھوک والے دن میں یتیم

ذَا مَقْرَبَةٍ ﴿۱۵﴾ اَوْ مِسْكِيْنًا ذَا مَتْرَبَةٍ ﴿۱۶﴾ ثُمَّ كَانَ

رشتہ دار کو کھلانا۔ یا خاک نشین محتاج کو کھانا کھلانا۔ پھر جو ایمان والوں

مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ ﴿۱۷﴾

میں سے ہیں اور جنہوں نے صبر کی ایک دوسرے کو فہمائش کی اور رحم کرنے کی ایک دوسرے کو تلقین کی،

أُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ﴿١٨﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا

یہ دائیں جانب والے ہیں۔ اور جنہوں نے ہماری آیات کے ساتھ کفر کیا

هُمْ اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ﴿١٩﴾ عَلَيْهِمْ نَارٌ مُّؤْصَدَةٌ ﴿٢٠﴾ ع ١٥/٢٤

یہ بائیں جانب والے ہیں۔ اُن کے اوپر سے آگ بند کر دی گئی ہے۔

اٰيَاتُهَا ١٥ (٩١) سُوْرَةُ الشَّمْسِ مَكِّيَّةٌ (٢٦) رُكُوْعُهَا ١

اس میں ۱۵ آیتیں ہیں سورۃ الشّمس مکہ میں نازل ہوئی اور ا رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا ﴿١﴾ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا ﴿٢﴾ وَالنَّهَارِ

سورج اور اس کے چڑھنے کی قسم۔ چاند کی قسم جب وہ اس کے پیچھے آئے۔ دن کی قسم

اِذَا جَلّٰهَا ﴿٣﴾ وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰهَا ﴿٤﴾ وَالسَّمَآءِ

جب وہ سورج کو روشن کرے۔ رات کی قسم جب وہ اس کو چھپا لے۔ آسمان کی قسم اور اس کے بنانے

وَمَا بَنٰهَا ﴿٥﴾ وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰهَا ﴿٦﴾ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰهَا ﴿٧﴾

والے کی قسم! زمین کی قسم اور اس کے بچھانے والے کی قسم! نفس کی قسم اور اس کو درست بنانے والے کی قسم۔

فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَ تَقْوٰىهَا ﴿٨﴾ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَا ﴿٩﴾

پھر اسی نے اس کو اس کی ڈھٹائی اور اس کے تقویٰ کا الہام کیا۔ یقیناً وہ شخص کامیاب ہے جس نے اس (نفس) کا تزکیہ کیا۔

وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰىهَا ﴿١٠﴾ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰىهَآ ﴿١١﴾

اور ناکام ہے وہ جس نے اس کو خراب کیا۔ قوم ثمود نے اپنی سرکشی کی وجہ سے جھٹلایا۔

اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰىهَا ﴿١٢﴾ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ

جب اُن میں سے بڑا بدبخت انسان اٹھا۔ تو اُن سے اللہ کے پیغمبر (صالح علیہ السلام) نے فرمایا کہ تم اللہ کی اونٹنی سے اور اس

اللّٰهِ وَ سُقْيٰهَا ﴿١٣﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا ۚ فَدَمْدَمَ

کے پینے کی باری سے ڈرو۔ لیکن انہوں نے صالح (علیہ السلام) کو جھٹلایا، پھر انہوں نے اونٹنی کے پیر کاٹ دیے۔ تو اُن پر

عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰىهَا ﴿١٤﴾ وَلَا يَخَافُ

اُن کے رب نے اُن کے گناہ کی وجہ سے عذاب بھیج دیا، پھر اُن کو برابر کر دیا۔ اور اللہ کو اُن کے انجام کا ڈر

عُقْبٰهَا ﴿١٥﴾ ع ١٦/٢٥

نہیں تھا۔

اٰيَاتُهَا ٢١ (٩٢) سُوْرَةُ الَّيْلِ مَكِّيَّةٌ (٩) رُكُوْعُهَا ١

اس میں ۲۱ آیتیں ہیں سورۃ اللیل مکہ میں نازل ہوئی اور ا رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ۙ﴿۱﴾ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ۙ﴿۲﴾ وَمَا خَلَقَ

رات کی قسم جب وہ چھا جائے! دن کی قسم جب کہ وہ روشن ہو جائے! نر اور مادہ کو پیدا کرنے

الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰۤى ۙ﴿۳﴾ اِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى ؕ﴿۴﴾ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى

والے کی قسم! بے شک تمہاری کوشش البتہ الگ الگ ہے۔ پھر جس نے دیا

وَاتَّقٰى ۙ﴿۵﴾ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ۙ﴿۶﴾ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ؕ﴿۷﴾

اور تقویٰ اختیار کیا، اور اچھی بات کی تصدیق کی، تو ہم اس کے لیے آسانی والا گھر آسان کردیں گے۔

وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى ۙ﴿۸﴾ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ۙ﴿۹﴾ فَسَنُيَسِّرُهٗ

اور جس نے نہ دیا اور جو بے پرواہ رہا، اور اچھی بات کو جھٹلایا، تو ہم آسانی سے سختی کے

لِلْعُسْرٰى ؕ﴿۱۰﴾ وَمَا يُغْنِىْ عَنْهُ مَالُهٗۤ اِذَا تَرَدّٰى ؕ﴿۱۱﴾

گھر میں اس کو پہنچا دیں گے۔ اور اس کے کچھ کام نہیں آئے گا اس کا مال جب وہ (گڑھے میں) گرے گا۔

اِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰى ۖ﴿۱۲﴾ وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰى ﴿۱۳﴾

ہمارے ذمہ البتہ راستہ دکھا دینا ہے۔ اور ہمارے ہی ہاتھ آخرت اور دنیا ہے۔

فَاَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰى ۚ﴿۱۴﴾ لَا يَصْلٰىهَاۤ اِلَّا الْاَشْقَى ۙ﴿۱۵﴾

پھر میں نے تمہیں بھڑکتی ہوئی آگ سے ڈرایا ہے۔ اس میں وہی بڑا بدبخت داخل ہوگا،

الَّذِىْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ؕ﴿۱۶﴾ وَ سَيُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى ۙ﴿۱۷﴾ الَّذِىْ

جس نے جھٹلایا اور اعراض کیا۔ اور اس سے دور رکھا جائے گا وہ بڑا متقی، جو

يُؤْتِىْ مَالَهٗ يَتَزَكّٰى ۚ﴿۱۸﴾ وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ

تزکیہ کے لیے اپنا مال دیتا ہے۔ اور کسی کا اس پر احسان نہیں جس کا

مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰٓى ۙ﴿۱۹﴾ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى ۚ﴿۲۰﴾

بدلہ اتارا جائے۔ مگر اس کے بلند ترین رب کی رضا طلب کرنے کے لیے۔

وَ لَسَوْفَ يَرْضٰى ﴿۲۱﴾ ع ۱ / ۲۱ / ۱۷

اور بہت جلد وہ راضی ہوگا۔

ایاتھا ۱۱ (۹۳) سُوۡرَۃُ الضُّحٰی مَکِّیَّۃٌ (۱۱) رکوعھا ۱

اس میں ۱۱ آیتیں ہیں سورۃ الضحیٰ مکہ میں نازل ہوئی اور ا رکوع ہے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

وَالضُّحٰی ۙ﴿۱﴾ وَالَّیۡلِ اِذَا سَجٰی ۙ﴿۲﴾ مَا وَدَّعَکَ رَبُّکَ وَمَا قَلٰی ؕ﴿۳﴾

چاشت کے وقت کی قسم! رات کی قسم جب وہ تاریک ہوجائے! کہ آپ کے رب نے آپ کو نہ چھوڑا ہے اور نہ آپ سے دشمنی کی ہے۔

وَلَلۡاٰخِرَۃُ خَیۡرٌ لَّکَ مِنَ الۡاُوۡلٰی ؕ﴿۴﴾ وَلَسَوۡفَ یُعۡطِیۡکَ رَبُّکَ

اور البتہ آخرت پہلی والی (دنیا) سے آپ کے لیے بہتر ہے۔ اور ضرور آپ کا رب آگے آپ کو دے گا،

فَتَرۡضٰی ؕ﴿۵﴾ اَلَمۡ یَجِدۡکَ یَتِیۡمًا فَاٰوٰی ۪﴿۶﴾ وَ وَجَدَکَ ضَآلًّا

کہ آپ راضی ہو جاؤ گے۔ کیا آپ کو اس نے یتیم نہیں پایا کہ پھر ٹھکانا دیا؟ اور آپ کو بے خبر پایا،

فَہَدٰی ۪﴿۷﴾ وَوَجَدَکَ عَآئِلًا فَاَغۡنٰی ؕ﴿۸﴾ فَاَمَّا الۡیَتِیۡمَ

پھر اس نے راہ دکھائی۔ اور آپ کو مفلس پایا، پھر آپ کو غنی کر دیا۔ اس لیے آپ کسی یتیم پر

فَلَا تَقۡہَرۡ ؕ﴿۹﴾ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنۡہَرۡ ؕ﴿۱۰﴾ وَاَمَّا بِنِعۡمَۃِ رَبِّکَ فَحَدِّثۡ ﴿۱۱﴾ع ع ۱۱ ۱۸

سختی نہ کیجیے۔ اور کسی سوال کرنے والے کو نہ جھڑکئے۔ اور البتہ آپ اپنے رب کی نعمت کو بیان کیجیے۔

ایاتھا ۸ (۹۴) سُوۡرَۃُ الۡاِنۡشِرَاحِ مَکِّیَّۃٌ (۱۲) رکوعھا ۱

اس میں ۸ آیتیں ہیں سورۃ الانشراح مکہ میں نازل ہوئی اور ا رکوع ہے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

اَلَمۡ نَشۡرَحۡ لَکَ صَدۡرَکَ ۙ﴿۱﴾ وَوَضَعۡنَا عَنۡکَ وِزۡرَکَ ۙ﴿۲﴾

کیا ہم نے آپ کے سینہ کو کھول نہیں دیا؟ اور ہم نے آپ کے اوپر سے آپ کا بوجھ اتار دیا۔

الَّذِیۡۤ اَنۡقَضَ ظَہۡرَکَ ۙ﴿۳﴾ وَرَفَعۡنَا لَکَ ذِکۡرَکَ ؕ﴿۴﴾

جس نے آپ کی کمر توڑ رکھی تھی۔ اور ہم نے آپ کے خاطر آپ کا ذکر بلند کیا۔

فَاِنَّ مَعَ الۡعُسۡرِ یُسۡرًا ۙ﴿۵﴾ اِنَّ مَعَ الۡعُسۡرِ یُسۡرًا ؕ﴿۶﴾

پھر بے شک سختی کے ساتھ آسانی ہے۔ بے شک سختی کے ساتھ آسانی ہے۔

فَاِذَا فَرَغۡتَ فَانۡصَبۡ ۙ﴿۷﴾ وَاِلٰی رَبِّکَ فَارۡغَبۡ ﴿۸﴾ع ع ۸ ۱۹

پھر جب آپ فارغ ہوں، تو زیادہ محنت کیجیے۔ اور اپنے رب کی طرف رغبت کیجیے۔

ايَاتُهَا ٨ (٩٥) سُوْرَةُ التِّيْنِ مَكِّيَّةٌ (٢٨) رُكُوْعُهَا ١

اس میں ٨ آیتیں ہیں سورۃ التین مکہ میں نازل ہوئی اور ا رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۝١ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۝٢ وَهٰذَا الْبَلَدِ

انجیر کی قسم! زیتون کی قسم! طورِ سیناء کی قسم! اس امن والے شہر (مکہ)

الْاَمِيْنِ ۝٣ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ۝٤

کی قسم! یقیناً ہم نے انسان کو بہترین صورت میں پیدا کیا ہے۔

ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ ۝٥ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

پھر ہم نے اس کو پھینک دیا نیچوں کے نیچے میں۔ مگر وہ جو ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝٦ فَمَا يُكَذِّبُكَ

اور نیک عمل کرتے رہے اُن کے لیے ایسا اجر ہوگا جو ختم نہیں ہوگا۔ پھر کونسی چیز اس کے بعد تجھے

بَعْدُ بِالدِّيْنِ ۝٧ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۝٨ ع

حساب کے جھٹلانے پر آمادہ کرتی ہے؟ کیا اللہ احکم الحاکمین نہیں ہے؟

ايَاتُهَا ١٩ (٩٦) سُوْرَةُ الْعَلَقِ مَكِّيَّةٌ (١) رُكُوْعُهَا ١

اس میں ١٩ آیتیں ہیں سورۃ العلق مکہ میں نازل ہوئی اور ا رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ۝١ خَلَقَ الْاِنْسَانَ

آپ اپنے رب کا نام لے کر پڑھئے جس نے (مخلوق) بنائی۔ انسان کو بنایا جمے ہوئے

مِنْ عَلَقٍ ۝٢ اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۝٣ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝٤

خون سے۔ آپ پڑھئے اور آپ کا رب سب سے کریم ہے۔ جس نے قلم کے ذریعہ علم دیا۔

عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ۝٥ كَلَّآ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰٓى ۝٦

انسان کو وہ علم دیا جو وہ جانتا نہیں تھا۔ ہرگز نہیں! یقیناً انسان البتہ سرکشی کرتا ہے۔

اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ۝٧ اِنَّ اِلٰى رَبِّكَ الرُّجْعٰى ۝٨ اَرَءَيْتَ الَّذِيْ

اس وجہ سے کہ وہ دیکھتا ہے کہ وہ مستغنی ہے۔ یقیناً تیرے رب کی طرف لوٹنا ہے۔ کیا آپ نے دیکھا

يَنْهٰى ۙ﴿٩﴾ عَبْدًا اِذَا صَلّٰى ؕ﴿١٠﴾ اَرَءَيْتَ اِنْ كَانَ

اس شخص کو جو روکتا ہے۔ بندہ کو جب وہ نماز پڑھتا ہے؟ کیا آپ نے دیکھا کہ اگر وہ

عَلَى الْهُدٰٓى ۙ﴿١١﴾ اَوْ اَمَرَ بِالتَّقْوٰى ؕ﴿١٢﴾ اَرَءَيْتَ اِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ؕ﴿١٣﴾

ہدایت پر ہے، یا تقویٰ کا حکم دیتا ہے؟ کیا آپ نے دیکھا اگر وہ جھٹلاتا ہے اور اعراض کرتا ہے؟

اَلَمْ يَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰى ؕ﴿١٤﴾ كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ ۙ۬ لَنَسْفَعًۢا

کیا وہ نہیں جانتا کہ یقیناً اللہ دیکھ رہا ہے؟ کوئی بات نہیں! اگر وہ باز نہیں آئے گا، تو ہم اسے پیشانی کے بال پکڑ کر گھسیٹیں

بِالنَّاصِيَةِ ۙ﴿١٥﴾ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ۚ﴿١٦﴾ فَلْيَدْعُ نَادِيَهٗ ۙ﴿١٧﴾

گے۔ خطا کار جھوٹی پیشانی کے بال پکڑ کر گھسیٹیں گے۔ پھر اسے چاہئے کہ اپنی مجلس والوں کو پکارے۔ ہم بھی زبانیہ فرشتوں کو

سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ ۙ﴿١٨﴾ كَلَّا ؕ لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ۩ ﴿١٩﴾ ع

بلا لیتے ہیں۔ ہرگز نہیں! آپ اس کا کہنا نہ مانئے اور سجدہ کیجیے اور اللہ سے قریب ہو جائیے / اے ابوجہل! تو قریب تو آ!

ع ١٩ السجدة ١٢ | ٢١

اٰيَاتُهَا ٥ | (٩٧) سُوْرَةُ الْقَدْرِ مَكِّيَّةٌ (٢٥) | رُكُوْعُهَا ١

اس میں ۵ آیتیں ہیں | سورۃ القدر مکہ میں نازل ہوئی | اور ارکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۚ﴿١﴾ وَمَآ اَدْرٰكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ؕ﴿٢﴾

یقیناً ہم نے اسے لیلۃ القدر میں نازل کیا۔ اور آپ کو معلوم بھی ہے کہ لیلۃ القدر کیا ہے؟

لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۙ۬ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ؕ﴿٣﴾ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ

لیلۃ القدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔ فرشتے اور روح اس میں اپنے رب کی اجازت سے ہر چیز

فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۙ﴿٤﴾ سَلٰمٌ ۛ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ﴿٥﴾ ع

کے متعلق حکم لے کر اترتے ہیں۔ فجر کے طلوع ہونے تک سلامتی رہتی ہے۔

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم — معانقہ ١٨ عند المتاخرین ١٢ — ع ٥ | ٢٢ الشمسیۃ

اٰيَاتُهَا ٨ | (٩٨) سُوْرَةُ الْبَيِّنَةِ مَدَنِيَّةٌ (١٠٠) | رُكُوْعُهَا ١

اس میں ۸ آیتیں ہیں | سورۃ البینۃ مدینہ میں نازل ہوئی | اور ارکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ مُنْفَكِّيْنَ

جو لوگ اہلِ کتاب میں سے کافر ہیں اور مشرکین وہ باز آنے والے نہیں تھے یہاں تک کہ

حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ ۙ﴿۱﴾ رَسُوْلٌ مِّنَ اللّٰهِ يَتْلُوْا صُحُفًا مُّطَهَّرَةً ۙ﴿۲﴾
اُن کے پاس روشن دلیل آ جائے۔ (یعنی) اللہ کے پیغمبر جو پاک صحیفوں کی تلاوت کرتے ہیں۔

فِيْهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ ؕ﴿۳﴾ وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ
جن میں مضبوط کتابیں ہیں۔ اور جن کو کتاب دی گئی وہ الگ الگ فرقے نہیں ہوئے

اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ ؕ﴿۴﴾ وَمَآ اُمِرُوْٓا
مگر اس کے بعد کہ اُن کے پاس روشن دلیل آئی۔ حالانکہ اُن کو حکم نہیں تھا

اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۙ۬ حُنَفَآءَ وَيُقِيْمُوا
مگر یہی کہ وہ عبادت کریں اللہ کی، اسی کے لیے عبادت کو خالص رکھتے ہوئے، سب طرف سے ایک ہی کے ہو کر اور

الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ ؕ﴿۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ
نماز قائم کریں اور زکوٰۃ دیں اور یہی سیدھا دین ہے۔ بے شک جو لوگ

كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ
کافر ہوئے اہلِ کتاب میں سے اور مشرکین وہ جہنم کی آگ میں ہمیشہ

فِيْهَا ؕ اُولٰٓئِكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ ؕ﴿۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
رہیں گے۔ یہی لوگ تمام مخلوق میں سب سے بدتر ہیں۔ یقیناً جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل

الصّٰلِحٰتِ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ؕ﴿۷﴾ جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ
کرتے رہے، یہی تمام مخلوق میں سب سے بہتر ہیں۔ اُن کا بدلہ اُن کے رب کے پاس

جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ
جناتِ عدن ہیں، جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔

ع ۸ / ۲۲ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ ۧ﴿۸﴾
اللہ اُن سے راضی ہوا اور وہ اللہ سے راضی ہوئے۔ یہ اس شخص کے لیے ہے جو اپنے رب سے ڈرے۔

اٰیاتُھا ۸ (۹۹) سُوْرَةُ الزِّلْزَالِ مَدَنِيَّةٌ (۹۳) رکوعُھا ۱

اس میں ۸ آیتیں ہیں سورۃ الزلزال مدینہ میں نازل ہوئی اور ارکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ۙ﴿۱﴾ وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ
جب زمین سخت زلزلہ سے ہلا دی جائے گی۔ اور زمین اپنے بوجھ

اَثْقَالَهَا ۝۲ وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا ۝۳ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ

نکال دے گی۔ اور انسان کہے گا کہ زمین کو کیا ہوا؟ اس دن زمین اپنی خبریں بیان

اَخْبَارَهَا ۝۴ بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا ۝۵ يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ

کردے گی۔ اس وجہ سے کہ تیرے رب نے اس کو حکم دیا ہے۔ اس دن انسان واپس لوٹیں گے

اَشْتَاتًا ۵ لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ ۝۶ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ

مختلف جماعتیں بن کر تا کہ وہ اپنے عمل (کے نتائج) دیکھیں۔ پھر جو ذرہ بھر بھلائی کرے گا

خَيْرًا يَّرَهٗ ۝۷ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۝۸ ع ۱ ۸ ۲۴

تو اسے دیکھے گا۔ اور جو ذرہ بھر برائی کرے گا تو اسے دیکھے گا۔

اٰيَاتُهَا ۱۱ (۱۰۰) سُوْرَةُ الْعٰدِيٰتِ مَكِّيَّةٌ (۱۴) رُكُوْعُهَا ۱

اس میں ۱۱ آیتیں ہیں سورۃ العادیات مکہ میں نازل ہوئی اور ا رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا ۝۱ فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا ۝۲ فَالْمُغِيْرٰتِ

ہانپتے ہوئے دوڑنے والے گھوڑوں کی قسم! پھر اُن گھوڑوں کی قسم جو ٹاپ مار کر آگ نکالنے والے ہیں! پھر اُن گھوڑوں کی

صُبْحًا ۝۳ فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ۝۴ فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ۝۵

قسم جو صبح کے وقت (دشمن پر) حملہ کرنے والے ہیں! پھر اس وقت غبار اڑانے والے ہیں۔ پھر وہ فوج میں گھس جاتے

اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ ۝۶ وَاِنَّهٗ

ہیں۔ بے شک انسان اپنے رب کا ناشکرا ہے۔ اور وہ خود

عَلٰى ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ ۝۷ وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ ۝۸

اس پر مطلع ہے۔ اور وہ مال کی محبت میں البتہ بڑا سخت ہے۔

اَفَلَا يَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِي الْقُبُوْرِ ۝۹ وَحُصِّلَ

کیا وہ نہیں جانتا کہ جب اٹھایا جائے گا جو قبروں میں ہے۔ اور ظاہر کر دیا

مَا فِي الصُّدُوْرِ ۝۱۰ اِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ يَوْمَئِذٍ

جائے گا جو کچھ سینوں میں ہے۔ بے شک اُن کا رب اس دن اُن سے

لَّخَبِيْرٌ ۝۱۱ ع ۱۱ ۱ ۲۵

باخبر ہے۔

آیاتھا ١١ (١٠١) سُوْرَةُ الْقَارِعَةِ مَكِّيَّةٌ (٣٠) رکوعھا ١

اس میں ١١ آیتیں ہیں سورۃ القارعۃ مکہ میں نازل ہوئی اور ا رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

اَلْقَارِعَةُ ۝١ مَا الْقَارِعَةُ ۝٢ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْقَارِعَةُ ۝٣

کھڑکھڑانے والی۔ کیا ہے کھڑکھڑانے والی؟ اور آپ کو معلوم بھی ہے کہ کھڑکھڑانے والی کیا ہے؟

يَوْمَ يَكُوْنُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ ۝٤ وَتَكُوْنُ

جس دن انسان بکھرے ہوئے پروانوں کی طرح ہو جائیں گے۔ اور پہاڑ

الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ ۝٥ فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ ۝٦

دھنے ہوئے رنگین اون کی طرح ہو جائیں گے۔ پھر جس کے پلڑے بھاری ہوں گے،

فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۝٧ وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ ۝٨

تو وہ خوش گوار زندگی میں ہوگا۔ اور جس کے پلڑے ہلکے ہوں گے،

ع ١ ٢٦ فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ ۝٩ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا هِيَهْ ۝١٠ نَارٌ حَامِيَةٌ ۝١١

تو اس کا ٹھکانا ہاویہ ہے۔ اور آپ کو معلوم ہے کہ وہ کیا ہے؟ دہکتی آگ ہے۔

آیاتھا ٨ (١٠٢) سُوْرَةُ التَّكَاثُرِ مَكِّيَّةٌ (١٦) رکوعھا ١

اس میں ٨ آیتیں ہیں سورۃ التکاثر مکہ میں نازل ہوئی اور ا رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

اَلْهٰىكُمُ التَّكَاثُرُ ۝١ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ۝٢ كَلَّا سَوْفَ

ایک دوسرے پر (دنیا کے ذریعہ) بازی لے جانے کی حرص نے تمہیں غافل رکھا۔ یہاں تک کہ تم قبرستان پہنچ جاتے ہو۔ کوئی بات نہیں!

تَعْلَمُوْنَ ۝٣ ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝٤ كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ

آگے تمہیں معلوم ہوگا۔ پھر کوئی بات نہیں! آگے تمہیں معلوم ہوگا۔ کوئی بات نہیں! اگر تم جانتے علم الیقین

عِلْمَ الْيَقِيْنِ ۝٥ لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ ۝٦ ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا

کے طور پر (تو ایسا نہ کرتے)، تم ضرور دوزخ کو دیکھوگے۔ پھر تم ضرور اس کو

ع ٨ ٢٧ عَيْنَ الْيَقِيْنِ ۝٧ ثُمَّ لَتُسْـَٔلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ ۝٨

یقین کی آنکھ کے ساتھ دیکھوگے۔ پھر تم سے اس دن نعمتوں کے متعلق ضرور سوال ہوگا۔

اٰيَاتُهَا ۳ (۱۰۳) سُوۡرَةُ الۡعَصۡرِ مَكِّيَّةٌ (۱۳) رُكُوۡعُهَا ۱

اس میں ۳ آیتیں ہیں سورۃ العصر مکہ میں نازل ہوئی اور ا رکوع ہے

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝

پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

وَالۡعَصۡرِ ۝۱ اِنَّ الۡاِنۡسَانَ لَفِىۡ خُسۡرٍ ۝۲ اِلَّا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا

زمانہ کی قسم! بے شک انسان خسارہ میں ہے۔ مگر وہ لوگ جو ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوۡا بِالۡحَقِّ ۙ وَتَوَاصَوۡا بِالصَّبۡرِ ۝۳ ع ۱ ۳ ۲۸

اور نیک عمل کرتے رہے اور حق کی ایک دوسرے کو تلقین کی اور ایک دوسرے کو صبر کی تلقین کی۔

اٰيَاتُهَا ۹ (۱۰۴) سُوۡرَةُ الۡهُمَزَةِ مَكِّيَّةٌ (۳۲) رُكُوۡعُهَا ۱

اس میں ۹ آیتیں ہیں سورۃ الہمزۃ مکہ میں نازل ہوئی اور ا رکوع ہے

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝

پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

وَيۡلٌ لِّـكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِ ۝۱ اۨلَّذِىۡ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ ۝۲ يَحۡسَبُ

ہلاکت ہے ہر پیٹھ پیچھے عیب نکالنے والے کے لیے، طعنہ دینے والے کے لیے۔ جس نے مال جمع کیا اور اس کو گن گن کر رکھا۔ وہ

اَنَّ مَالَهٗۤ اَخۡلَدَهٗ ۝۳ كَلَّا لَيُنۡۢبَذَنَّ فِى الۡحُطَمَةِ ۝۴

سمجھتا ہے کہ اس کا مال اسے ہمیشہ زندہ رکھے گا۔ ہرگز نہیں! ضرور اسے حطمہ میں پھینک دیا جائے گا۔

وَمَاۤ اَدۡرٰٮكَ مَا الۡحُطَمَةُ ۝۵ نَارُ اللّٰهِ الۡمُوۡقَدَةُ ۝۶ الَّتِىۡ تَطَّلِعُ

اور آپ کو معلوم بھی ہے کہ حطمہ کیا ہے؟ اللہ کی بھڑکائی ہوئی آگ ہے۔ جو دلوں کو

عَلَى الۡاَفۡـِٕدَةِ ۝۷ اِنَّهَا عَلَيۡهِمۡ مُّؤۡصَدَةٌ ۝۸ فِىۡ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۝۹ ع ۱ ۹ ۲۹

جھانک لیتی ہے۔ بے شک وہ دوزخ (حطمہ) اُن کو لمبے ستونوں میں باندھ کر اوپر سے بند کر دی جائے گی۔

اٰيَاتُهَا ۵ (۱۰۵) سُوۡرَةُ الۡفِيۡلِ مَكِّيَّةٌ (۱۹) رُكُوۡعُهَا ۱

اس میں ۵ آیتیں ہیں سورۃ الفیل مکہ میں نازل ہوئی اور ا رکوع ہے

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝

پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

اَلَمۡ تَرَ كَيۡفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصۡحٰبِ الۡفِيۡلِ ۝۱ اَلَمۡ يَجۡعَلۡ

کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ آپ کے رب نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا کیا؟ کیا اُن کا

كَيْدَهُمْ فِيْ تَضْلِيْلٍ ﴿۲﴾ وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ﴿۳﴾
مگر ناکام نہیں کر دیا؟ اور اُن پر جھنڈ کے جھنڈ پرندے بھیجے۔

تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ ﴿۴﴾ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ﴿۵﴾ ع ۵/۳۰ ۱
جو اُن پر کنکر کی پتھریاں پھینکتے تھے۔ پھر اللہ نے اُن کو کھائے ہوئے بھوسے کی طرح بنا دیا۔

اٰیاتُھا ۴ (۱۰۶) سُوْرَةُ قُرَيْشٍ مَّكِّيَّةٌ (۲۹) رکوعُھا ۱
اس میں ۴ آیتیں ہیں سورۃ قریش مکہ میں نازل ہوئی اور ا رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ﴿۱﴾ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ﴿۲﴾
قریش کی الفت کی وجہ سے۔ اُن کے سردی اور گرمی کے سفر سے الفت کی وجہ سے۔

فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ﴿۳﴾ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ
پھر انہیں چاہیے کہ اس گھر کے مالک کی عبادت کریں۔ جس نے انہیں بھوک میں

مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ﴿۴﴾ ع ۲/۳۱ ۱
کھانا دیا اور جس نے انہیں خوف سے امن دیا۔

اٰیاتُھا ۷ (۱۰۷) سُوْرَةُ الْمَاعُوْنِ مَكِّيَّةٌ (۱۷) رکوعُھا ۱
اس میں ۷ آیتیں ہیں سورۃ الماعون مکہ میں نازل ہوئی اور ا رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ ﴿۱﴾ فَذٰلِكَ الَّذِيْ يَدُعُّ
کیا آپ نے دیکھا اس شخص کو جو انصاف ہونے کو جھٹلاتا ہے؟ پھر یہ وہی ہے جو یتیم کو دھکے

الْيَتِيْمَ ﴿۲﴾ وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ﴿۳﴾ فَوَيْلٌ
دیتا ہے۔ اور مسکین کو کھانا دینے کی ترغیب نہیں دیتا۔ پھر ہلاکت ہے

لِّلْمُصَلِّيْنَ ﴿۴﴾ الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ﴿۵﴾
اُن نمازیوں کے لیے۔ جو اپنی نماز کو بھول جاتے ہیں۔

الَّذِيْنَ هُمْ يُرَآءُوْنَ ﴿۶﴾ وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ﴿۷﴾ ع ۷/۳۲ ۱
جو دکھاوا کرتے ہیں۔ اور معمولی چیز کو بھی منع کرتے ہیں۔

ایاتھا ۳ (۱۰۸) سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ مَكِّيَّةٌ (۱۵) رکوعھا ۱

اس میں ۳ آیتیں ہیں سورۃ الکوثر مکہ میں نازل ہوئی اور ا رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝۱ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝۲

بے شک ہم نے آپ کو کوثر عطا کی۔ اس لیے آپ اپنے رب کے لیے نماز پڑھیے اور قربانی کیجیے۔

اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝۳ ع ۲۲

یقیناً آپ کا دشمن وہی دُم کٹا ہے۔

ایاتھا ۶ (۱۰۹) سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ مَكِّيَّةٌ (۱۸) رکوعھا ۱

اس میں ۶ آیتیں ہیں سورۃ الکافرون مکہ میں نازل ہوئی اور ا رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝۱ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝۲

آپ فرما دیجیے اے کافرو! میں عبادت نہیں کرتا اس کی جس کی تم عبادت کرتے ہو۔ اور نہ تم

وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝۳ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝۴

عبادت کرتے ہو اس کی جس کی میں عبادت کرتا ہوں۔ اور نہ میں عبادت کرنے والا ہوں اس کی جس کی تم عبادت کرتے ہو۔ اور نہ

وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝۵ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝۶ ع ۲۴

تم عبادت کرنے والے ہو اس کی جس کی میں عبادت کرتا ہوں۔ تمہارے لیے تمہارا دین ہے اور میرے لیے میرا دین ہے۔

ایاتھا ۳ (۱۱۰) سُوْرَةُ النَّصْرِ مَدَنِيَّةٌ (۱۱۴) رکوعھا ۱

اس میں ۳ آیتیں ہیں سورۃ النصر مدینہ میں نازل ہوئی اور ا رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۝۱ وَرَاَيْتَ النَّاسَ

جب اللہ کی نصرت اور فتح آ جائے۔ اور آپ انسانوں کو دیکھیں کہ

يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۝۲ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ

اللہ کے دین میں فوج در فوج داخل ہو رہے ہیں۔ تو اپنے رب کی حمد کے ساتھ

ع ٣ / ٣٥ — وقفة النبي صلى الله عليه وآله وسلم ١٢

رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۟ ۳

تسبیح کیجیے اور اس سے مغفرت طلب کیجیے۔ یقیناً وہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔

ایاتھا ۵　　(١١١) سُوْرَةُ اللَّهَبِ مَكِّيَّةٌ (٦)　　رکوعھا ١

اس میں ۵ آیتیں ہیں　　سورۃ اللہب مکہ میں نازل ہوئی　　اور ا رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

تَبَّتْ يَدَاۤ اَبِىْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ؕ ۝ ۱ مَاۤ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ

ابو لہب کے دونوں ہاتھ ٹوٹیں اور وہ مرے۔ نہ اس کے کام آیا اس کا مال

وَمَا كَسَبَ ؕ ۝ ۲ سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۚۖ ۝ ۳ وَّامْرَاَتُهٗ ؕ

اور نہ اس کی کمائی۔ عنقریب وہ شعلہ والی آگ میں داخل ہوگا، (وہ بھی) اور اس کی بیوی (بھی)،

ع ٥ / ٣٦

حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ۚ ۝ ۴ فِىْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۝ ۵

جو لکڑیاں اٹھانے والی ہے۔ اس کی گردن میں مضبوط بٹی ہوئی رسی ہوگی۔

ایاتھا ۴　　(١١٢) سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ (٢٢)　　رکوعھا ١

اس میں ۴ آیتیں ہیں　　سورۃ الاخلاص مکہ میں نازل ہوئی　　اور ا رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ ۝ ۱ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ ۝ ۲ لَمْ يَلِدْ ۙ

آپ فرما دیجیے کہ وہ اللہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔ نہ اس سے کوئی پیدا ہوا

ع ٢ / ٣٧

وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ ۝ ۳ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝ ۴

اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا۔ اور نہ اس کے برابر کا کوئی ہے۔

ایاتھا ۵　　(١١٣) سُوْرَةُ الْفَلَقِ مَكِّيَّةٌ (٢٠)　　رکوعھا ١

اس میں ۵ آیتیں ہیں　　سورۃ الفلق مکہ میں نازل ہوئی　　اور ا رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ ۝ ۱ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ ۝ ۲ وَ

آپ فرما دیجیے میں صبح کے مالک کی پناہ مانگتا ہوں۔ اس کی مخلوق کے شر سے۔ اور

مِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝٣ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ

اندھیری رات کے شر سے جب وہ آ جائے۔ اور گرہوں میں دم کرنے

فِي الْعُقَدِ ۝٤ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝٥ ع

والیوں کے شر سے۔ اور حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرے۔

٥ / ٤٨

اٰيَاتُهَا ٦ (١١٤) سُوْرَةُ النَّاسِ مَكِّيَّةٌ (٢١) رُكُوْعُهَا ١

اس میں ٦ آیتیں ہیں سورۃ الناس مکہ میں نازل ہوئی اور ا رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

پڑھتا ہوں اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝١ مَلِكِ النَّاسِ ۝٢ اِلٰهِ

آپ فرما دیجیے میں پناہ مانگتا ہوں تمام انسانوں کے رب کی۔ تمام انسانوں کے بادشاہ کی۔ تمام انسانوں

النَّاسِ ۝٣ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۝٤ الَّذِيْ

کے معبود کی۔ وسوسہ ڈالنے والے، پیچھے ہٹنے والے (شیطان) کے شر سے۔ جو

يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝٥ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝٦ ع

وسوسہ ڈالتا ہے لوگوں کے دلوں میں۔ وہ جنات میں سے ہو اور انسانوں میں سے ہو۔

٦ / ٤٩

# فہرس


| نمبر سورۃ | نام سورۃ | پارہ نمبر | صفحہ نمبر | نمبر سورۃ | نام سورۃ | پارہ نمبر | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | الفاتحة | ۱ | ۲ | ۲۹ | العنكبوت | ۲۱-۲۰ | ۵۵۲ |
| ۲ | البقرة | ۳-۲-۱ | ۳ | ۳۰ | الروم | ۲۱ | ۵۶۲ |
| ۳ | آل عمرٰن | ۴-۳ | ۶۸ | ۳۱ | لقمان | ۲۱ | ۵۷۱ |
| ۴ | النساء | ۶-۵-۴ | ۱۰۶ | ۳۲ | السجدة | ۲۱ | ۵۷۷ |
| ۵ | المائدة | ۷-۶ | ۱۴۷ | ۳۳ | الأحزاب | ۲۲-۲۱ | ۵۸۱ |
| ۶ | الأنعام | ۸-۷ | ۱۷۷ | ۳۴ | سبا | ۲۲ | ۵۹۵ |
| ۷ | الأعراف | ۹-۸ | ۲۰۹ | ۳۵ | فاطر | ۲۲ | ۶۰۳ |
| ۸ | الأنفال | ۱۰-۹ | ۲۴۶ | ۳۶ | يٰس | ۲۳-۲۲ | ۶۱۱ |
| ۹ | التوبة | ۱۱-۱۰ | ۲۶۰ | ۳۷ | الصآفات | ۲۳ | ۶۱۸ |
| ۱۰ | يونس | ۱۱ | ۲۸۸ | ۳۸ | صٓ | ۲۳ | ۶۲۸ |
| ۱۱ | هود | ۱۲-۱۱ | ۳۰۸ | ۳۹ | الزمر | ۲۴-۲۳ | ۶۳۵ |
| ۱۲ | يوسف | ۱۳-۱۲ | ۳۲۸ | ۴۰ | المؤمن | ۲۴ | ۶۴۷ |
| ۱۳ | الرعد | ۱۳ | ۳۴۶ | ۴۱ | حٰمٓ السجدة | ۲۵-۲۴ | ۶۵۹ |
| ۱۴ | ابراهيم | ۱۳ | ۳۵۵ | ۴۲ | الشورىٰ | ۲۵ | ۶۶۸ |
| ۱۵ | الحجر | ۱۴-۱۳ | ۳۶۴ | ۴۳ | الزخرف | ۲۵ | ۶۷۷ |
| ۱۶ | النحل | ۱۴ | ۳۷۲ | ۴۴ | الدخان | ۲۵ | ۶۸۶ |
| ۱۷ | بنى اسرائيل | ۱۵ | ۳۹۳ | ۴۵ | الجاثية | ۲۵ | ۶۹۱ |
| ۱۸ | الكهف | ۱۶-۱۵ | ۴۰۸ | ۴۶ | الأحقاف | ۲۶ | ۶۹۷ |
| ۱۹ | مريم | ۱۶ | ۴۲۵ | ۴۷ | محمد | ۲۶ | ۷۰۴ |
| ۲۰ | طٰهٰ | ۱۶ | ۴۳۵ | ۴۸ | الفتح | ۲۶ | ۷۱۰ |
| ۲۱ | الأنبياء | ۱۷ | ۴۴۹ | ۴۹ | الحجرات | ۲۶ | ۷۱۶ |
| ۲۲ | الحج | ۱۷ | ۴۶۲ | ۵۰ | قٓ | ۲۶ | ۷۲۱ |
| ۲۳ | المؤمنون | ۱۸ | ۴۷۷ | ۵۱ | الذاريات | ۲۷-۲۶ | ۷۲۵ |
| ۲۴ | النور | ۱۸ | ۴۸۷ | ۵۲ | الطور | ۲۷ | ۷۲۹ |
| ۲۵ | الفرقان | ۱۹-۱۸ | ۵۰۱ | ۵۳ | النجم | ۲۷ | ۷۳۲ |
| ۲۶ | الشعراء | ۱۹ | ۵۱۱ | ۵۴ | القمر | ۲۷ | ۷۳۶ |
| ۲۷ | النمل | ۲۰-۱۹ | ۵۲۵ | ۵۵ | الرحمٰن | ۲۷ | ۷۴۰ |
| ۲۸ | القصص | ۲۰ | ۵۳۷ | ۵۶ | الواقعة | ۲۷ | ۷۴۵ |

| نمبر سورة | نام سورة | پاره نمبر | صفحه نمبر |
|---|---|---|---|
| ۵۷ | الحديد | ۲۷ | ۷۵۰ |
| ۵۸ | المجادلة | ۲۸ | ۷۵۷ |
| ۵۹ | الحشر | ۲۸ | ۷۶۱ |
| ۶۰ | الممتحنة | ۲۸ | ۷۶۶ |
| ۶۱ | الصّف | ۲۸ | ۷۷۰ |
| ۶۲ | الجمعة | ۲۸ | ۷۷۳ |
| ۶۳ | المنافقون | ۲۸ | ۷۷۵ |
| ۶۴ | التغابن | ۲۸ | ۷۷۷ |
| ۶۵ | الطلاق | ۲۸ | ۷۸۰ |
| ۶۶ | التحريم | ۲۸ | ۷۸۳ |
| ۶۷ | الملك | ۲۹ | ۷۸۷ |
| ۶۸ | القلم | ۲۹ | ۷۹۰ |
| ۶۹ | الحآقّة | ۲۹ | ۷۹۴ |
| ۷۰ | المعارج | ۲۹ | ۷۹۷ |
| ۷۱ | نوح | ۲۹ | ۸۰۰ |
| ۷۲ | الجنّ | ۲۹ | ۸۰۳ |
| ۷۳ | المزّمّل | ۲۹ | ۸۰۶ |
| ۷۴ | المدّثّر | ۲۹ | ۸۰۸ |
| ۷۵ | القيامة | ۲۹ | ۸۱۱ |
| ۷۶ | الدهر | ۲۹ | ۸۱۳ |
| ۷۷ | المرسلات | ۲۹ | ۸۱۶ |
| ۷۸ | النبأ | ۳۰ | ۸۱۹ |
| ۷۹ | النّازعات | ۳۰ | ۸۲۱ |
| ۸۰ | عبس | ۳۰ | ۸۲۲ |
| ۸۱ | التكوير | ۳۰ | ۸۲۴ |
| ۸۲ | الإنفطار | ۳۰ | ۸۲۵ |
| ۸۳ | المطفّفين | ۳۰ | ۸۲۶ |
| ۸۴ | الإنشقاق | ۳۰ | ۸۲۸ |
| ۸۵ | البروج | ۳۰ | ۸۲۹ |
| ۸۶ | الطارق | ۳۰ | ۸۳۰ |
| ۸۷ | الأعلىٰ | ۳۰ | ۸۳۱ |
| ۸۸ | الغاشية | ۳۰ | ۸۳۲ |
| ۸۹ | الفجر | ۳۰ | ۸۳۳ |
| ۹۰ | البلد | ۳۰ | ۸۳۵ |
| ۹۱ | الشمس | ۳۰ | ۸۳۶ |
| ۹۲ | الليل | ۳۰ | ۸۳۷ |
| ۹۳ | الضحىٰ | ۳۰ | ۸۳۸ |
| ۹۴ | الانشراح | ۳۰ | ۸۳۸ |
| ۹۵ | التين | ۳۰ | ۸۳۹ |
| ۹۶ | العلق | ۳۰ | ۸۳۹ |
| ۹۷ | القدر | ۳۰ | ۸۴۰ |
| ۹۸ | البيّنة | ۳۰ | ۸۴۰ |
| ۹۹ | الزلزال | ۳۰ | ۸۴۱ |
| ۱۰۰ | العاديات | ۳۰ | ۸۴۲ |
| ۱۰۱ | القارعة | ۳۰ | ۸۴۳ |
| ۱۰۲ | التكاثر | ۳۰ | ۸۴۳ |
| ۱۰۳ | العصر | ۳۰ | ۸۴۴ |
| ۱۰۴ | الهمزة | ۳۰ | ۸۴۴ |
| ۱۰۵ | الفيل | ۳۰ | ۸۴۴ |
| ۱۰۶ | قريش | ۳۰ | ۸۴۵ |
| ۱۰۷ | الماعون | ۳۰ | ۸۴۵ |
| ۱۰۸ | الكوثر | ۳۰ | ۸۴۶ |
| ۱۰۹ | الكافرون | ۳۰ | ۸۴۶ |
| ۱۱۰ | النصر | ۳۰ | ۸۴۶ |
| ۱۱۱ | اللهب | ۳۰ | ۸۴۷ |
| ۱۱۲ | الإخلاص | ۳۰ | ۸۴۷ |
| ۱۱۳ | الفلق | ۳۰ | ۸۴۷ |
| ۱۱۴ | الناس | ۳۰ | ۸۴۸ |


تمّت